آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 29 شوال 1447 | ہفتہ 18 اپریل 2026 | قیمت 10 روپے | شمارہ: 42

ایران کا تمام ممالک کے جہازوں کیلئے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان

اسرائیل اور امریکا کے درمیان 2 ہفتوں کی جنگ بندی میں ایک شرط آبنائے ہرمز کا کھولنا تھا، ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کا اختتام 22 اپریل کو ہوگا

جنگ بندی کی بقیہ مدت کے دوران تمام کمرشل بحری جہاز ایران کی جانب سے مقرر کردہ مربوط (کوآرڈی نیٹڈ) روٹ کے ذریعے گزر سکیں گے، عالمی خبر رساں ادارہ

کراچی (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اعلان کیا ہے کہ جنگ بندی معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کو تمام تجارتی جہازوں کے لیے کھول رہے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے اس بات کا اعلان اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک پوسٹ میں کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ جنگ بندی کی بقیہ مدت کے دوران تمام کمرشل بحری جہاز ایران کی جانب سے مقرر کردہ مربوط (کوآرڈی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

طالبان رجیم اور فتنۃ الخوارج کا خطرناک گٹھ جوڑ بے نقاب

بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' کی جانب سے مالی معاونت، اہم سرغنہ کے ہوشربا انکشافات

کراچی (کرائم رپورٹر) سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں گرفتار خارجی دہشت گرد نے افغان طالبان اور فتنۃ الخوارج کے گٹھ جوڑ کو بے نقاب کر دیا۔ فتنۃ الخوارج

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

بھارت کی ایرانی تیل کی ڈالر کی بجائے چینی کرنسی یوآن میں خریداری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بھارت نے ایرانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

پاور سیکٹر ملازمین کیلئے بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم

پاور ڈویژن کی درخواست قبول، عوام کا پرانا مطالبہ پورا ہوگیا، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم کردی۔ وفاقی وزیر نے پاور ڈویژن اویس لغاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26



اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین پارلیمنٹ کے وفد سے ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

نیٹو کاغذی شیر ہے، ٹرمپ

ایران اب کبھی آبنائے ہرمز بند نہیں کرے گا

امریکا کے B-2 بمبار طیاروں کے ایران پر حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والا تمام ''جوہری ملبہ'' امریکہ خود حاصل کرے گا اور اس کے بدلے کوئی مالی لین دین نہیں ہوگا

ایران نے یہ بات مان لی ہے کہ آبنائے ہرمز دوبارہ کبھی بند نہیں کی جائے گی اور اسے دنیا کے خلاف بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جائے گا، امریکی صدر کا ڈونلڈ ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر آبنائے ہرمز کے کھلنے کے بعد سلسلہ وار بیانات جاری کیے ہیں جن میں نیٹو کو تنقید کا نشانہ بنایا اور متعدد اہم اعلانات کیے ہیں۔ اپنی ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ امریکا کے B-2 بمبار طیاروں کے ایران پر حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والا تمام ''جوہری ملبہ'' (DustNuclear) امریکہ خود حاصل کرے گا اور اس کے بدلے کوئی مالی لین دین نہیں ہوگا۔ امریکی صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

وزیراعظم کی ڈیزل کی قیمت میں بڑی کمی کی منظوری

شہباز شریف کی منظوری کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 32 روپے 12 پیسے کی کمی کے بعد 353.43 روپے فی لیٹر ہوگئی

تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلدی ممکن ہو عوام تک پہنچائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کا عزم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 32 روپے 12 پیسے کی کمی کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قوم کو ریلیف کی فراہمی کا فیصلہ کرتے ہوئے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کی کمی کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت فی لیٹر 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہوگئی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلدی ممکن ہوا عوام تک پہنچائیں گے۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ ہفتے پیٹرولیم مصنوعات میں بڑی کمی کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



انطالیہ، وزیراعظم شہباز شریف 5 ویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں ترک صدر طیب اردوان سے دو طرفہ ملاقات کر رہے ہیں

مہنگائی بڑھنے کا خدشہ، IMF نے خطرے کی گھنٹی بجا دی

معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ، جنگ طویل ہونے کی صورت میں ترسیلات زر بھی متاثر ہوسکتی ہیں، آئی ایم ایف

پاکستان کیلئے قرض لینا مزید مہنگا ہوگیا، عالمی مالی حالات مزید خراب ہونے کی صورت میں پاکستان پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کردیا۔ آئی ایم ایف کی ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطیٰ جنگ کے باعث پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ میں تقریباً 0.6 فیصد تک کمی ہوسکتی ہے۔ پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ اور مالی خسارے پر منفی اثرات پڑنے کا خدشہ ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 0.3 فیصد تک متاثر ہوسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کا 7 ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اضافے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



واشنگٹن، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی نگرانی میں پاکستان کے سفیر کی موجودگی میں اہم مالیاتی معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

ایران لبنان میں سیز فائر، پابندیاں ختم، معمولات زندگی بحال

حزب اللہ اور ایران کے حملوں کے باعث اسرائیل میں اسکول، عوامی اجتماعات اور متعدد شعبوں میں سرگرمیاں معطل تھیں، عالمی خبر رساں ادارے

ایران کے ساتھ کشیدگی اور لبنان میں حزب اللہ کی جانب سے راکٹوں اور ڈرون حملوں کے خطرات کے باعث اسرائیل نے سخت پابندیاں نافذ کر رکھی تھیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے لبنان سے جنگ بندی کے نفاذ کے بعد ملک بھر میں عائد ہنگامی پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کر دیا جس کے بعد معمولات زندگی بتدریج بحال ہونا شروع ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے ہوم فرنٹ کمانڈ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ اب پورے ملک میں عمل سماجی اور معاشی سرگرمیوں کی اجازت دے دی گئی ہے جس کے تحت تعلیمی ادارے، دفاتر اور عوامی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہ سکیں گی۔ تاہم شمالی اسرائیل کے سرحدی یا ''فرنٹ لائن'' علاقوں میں عارضی طور پر احتیاطی اقدامات برقرار رکھے گئے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی پانچویں ایلیٹا کیپٹل شو کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسکوٹیز کو گھر میں نہ سجائیں محفوظ طریقے سے چلائیں، شرجیل میمن

سندھ حکومت کے محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ کی جانب سے سکھر کی خواتین میں مفت اسکوٹی تقسیم کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں، خواتین کیلئے کسی سیاسی پارٹی نے اہم ترین کام کئے ہیں تو اس کی ابتدا پیپلز پارٹی نے کی ہے

سکھر (بیورو رپورٹ) سندھ حکومت کے محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ کی جانب سے سکھر کی خواتین میں مفت اسکوٹی تقسیم کی تقریب مقامی ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی سید خورشید احمد شاہ، صوبائی وزیر اطلاعات و ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن، صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ، اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ، صوبائی وزیر... اسلام شیخ، چیئرمین ضلع کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ، سابق صوبائی وزیر امداد پتافی، سید جاوید شاہ، ڈپٹی میئر پی پی کے صدر ڈاکٹر ارشد مغل، امداد پتافی، محمد قاسم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



اسلام آباد، گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

کراچی، 10 گھنٹے سے زائد لوڈشیڈنگ، شہری بلبلا اٹھے

سرجانی ٹاؤن اور اورنگی ٹاؤن میں بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کا دن کا سکون اور رات کی نیند چھین لی ہے، متاثرہ عوام

کراچی اور حیدرآباد میں بجلی بندنہیں کی جارہی، جنگی صورتحال کے باعث گیس کی سپلائی متاثر ہوئی ہے، وزیر توانائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کئی گھنٹے سے بھی زیادہ بڑھ گیا، گرمی میں لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کی پریشانی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی والے بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ بندش کے شکنجے میں ہیں، جہاں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے سے بھی اوپر جا چکا ہے۔ شہر کے گنجان آباد علاقوں بالخصوص لیاری، کھارادر، نارتھ کراچی، نیو کراچی، ملیر، کورنگی، لانڈھی، گلستان جوہر، سرجانی اور اورنگی ٹاؤن میں بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کا دن کا سکون اور رات کی نیند چھین لی ہے۔ سب سے زیادہ افسوسناک صورتحال اسپتالوں اور مراکز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

سید پیر محمد شاہ کا کراچی باسکٹ بال ٹیم ٹریننگ کیمپ کا دورہ

پولیس ہیڈکوارٹر گراؤنڈ میں جون تک باسکٹ بال کورٹ کی تعمیر مکمل ہو جائیگی

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ کے چیئرمین اور ڈی آئی جی ٹریفک سید پیر محمد شاہ نے سکھر میں منعقد ہونے والی بریجیڈ ٹرافی باسکٹ بال ٹورنامنٹ سیریز کے سلسلے میں کراچی ٹیم کے ٹریننگ کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایس پی سید آرائیں، کمشنر کراچی کے انسپکٹر اسپورٹس غلام محمد خان، ایم سی بی کے وائس پریذیڈنٹ محمد حیدر خان، تاجر رہنما آصف گلفام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

کراچی: منکی پاکس کا ایک اور کیس سامنے آگیا، 42 سالہ شوہر کے بعد 41 سالہ بیوی بھی وائرس کا شکار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر میں منکی پاکس کا ایک اور کیس سامنے آیا ہے جہاں متاثرہ خاندان میں شوہر کے بعد اب اہلیہ میں بھی وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق ملیر کا رہائشی 42 سالہ شخص اسپتال سے صحتیاب ہوکر گھر منتقل ہو چکا ہے تاہم اب اس کی 41 سالہ اہلیہ میں علامات ظاہر ہونے پر انہیں اسپتال داخل کرلیا گیا ہے۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ متاثرہ خاتون کو علاج کی تمام ضروری سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں۔

سانحہ 9 مئی کے دوران ہنگامہ آرائی کیس کی سماعت

مقدمے میں تمام ملزمان پر ضمنی فرد جرم عائد، ملزمان کا الزامات سے انکار

کراچی (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے سانحہ 9 مئی کے دوران شاہ فیصل کالونی میں ہنگامہ آرائی سے متعلق مقدمے میں تمام ملزمان پر ضمنی فرد جرم عائد کی گئی تاہم ملزمان نے الزامات سے انکار کردیا ہے۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان کو طلب کرلیا ہے۔ جبکہ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت میں سانحہ 9 مئی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا فیز 2 سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت

80 سالہ مراداں کے نام ہوگئی، پولیس

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں سپر ہائی وے انڈسٹریل ایریا فیز 2 سے ملنے والی خاتون کی لاش کی شناخت ہوگئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق خاتون کی شناخت 80 سال کی مراداں کے نام سے ہوئی ہے۔ اہل خانہ کے مطابق متوفیہ کا ذہنی توازن درست نہیں تھا اور خاتون اکثر گھر سے کئی روز تک غائب رہتی تھی۔ پولیس حکام نے کہا کہ متوفیہ 10 سے 15 روز بعد گھر واپس آ جایا کرتی تھی، لاش پر تشدد کے نشانات نہیں ہیں، موت کی وجہ طبعی ہے۔

صحرائی جہاز عوام دوست منڈی میں لینڈ کر گئے، رونقیں عروج پر

ہر سال شوق سے مویشی منڈی کا رخ کرتے ہیں (بیوپاری) تمام سہولیات میسر ہیں، ایڈمنسٹریٹر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عید الاضحیٰ کے قریب آتے ہی کراچی کی عوام دوست مویشی منڈی میں رونقیں اپنے عروج پر ہیں، ناردرن بائی پاس پر قائم مویشی منڈی میں جہاں گائے اور بیلوں کی آمد جاری ہے وہیں اب صحرائی جہازوں نے بھی لینڈنگ شروع کردی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ اب تک منڈی میں پہنچنے والے جانوروں کی تعداد 4 ہزار کے قریب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

نشے میں دھت شاہین فورس کے اہلکار کی رکشے کو ٹکر

باوردی اہلکار نے رکشہ ڈرائیور کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا، شہریوں کا شدید غم و غصے کا اظہار

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی کے علاقے ناظم آباد میں نشے میں دھت کار سوار پولیس اہلکار نے رکشے کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں رکشے میں سوار خاتون اور ڈرائیور زخمی ہوگئے۔ عینی شاہدین اور ویڈیو شواہد کے مطابق کار چلانے والا شخص شاہین فورس کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر

رینجرز نے کراچی سے برمی گینگ کے 2 ملزمان گرفتار کرلئے

ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث، غیر قانونی اسلحہ و موٹر سائیکل برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ رینجرز نے ریڑھی گوٹھ کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے برمی گینگ سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ رینجرز ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں، ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ہے، جس میں ایک 12 بور رائفل، 30 بور پستول اور ایمونیشن شامل ہے۔



کراچی، مذہب اقصیٰ اسٹریٹ سگنل کے قریب شہری ٹریفک پولیس کی جانب سے لگائی گئی وین سے ڈرائیونگ لائسنس بنوا رہے ہیں

سعودیہ نے پاکستان میں رکھے 3 ارب ڈالر رول اوور کر دیئے

رقم رول اوور کرنے کا یہ معاہدہ سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس ایف ڈی) اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے درمیان طے پایا

معاہدہ پاک-سعودی عرب مضبوط اقتصادی تعلقات کا عکاس ہے، معاہدے سے پاکستان کے بیرونی مالی استحکام کو مزید تقویت ملے گی، اعلامیہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سعودی عرب نے پاکستان میں رکھے گئے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ رول اوور کر دیے ہیں، جس کے لیے اسٹیٹ بینک اور سعودی فنڈ برائے ترقی میں باقاعدہ معاہدہ طے پا گیا اور دستخط بھی ہو گئے ہیں۔ وفاقی وزارت خزانہ کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے واشنگٹن ڈی سی میں ایک اہم مالی معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی جس میں امریکا میں پاکستان کے سفیر بھی موجود تھے۔ یہ تقریب عالمی بینک اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر منعقد ہوئی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ یہ معاہدہ سعودی فنڈ برائے ترقی (ایس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سوار 2 نوجوانوں کو کچل ڈالا

حادثہ لانڈھی میں ہوا، ٹریلر کی ٹکر اتنی شدید تھی کہ دونوں نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گئے، پولیس حکام

کراچی (کرائم رپورٹر) تیز رفتار ٹریلر نے موٹر سائیکل سوار 2 نوجوانوں کو کچل ڈالا، ٹکر اتنی شدید تھی کہ دونوں نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے لانڈھی مانسہرہ کالونی کے قریب ایک خوفناک ٹریفک حادثے میں دو نوجوان اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ گزشتہ رات ساڑھے 10 بجے کے قریب پیش آیا۔

رحمٰن بابا ایکسپریس میں آتشزدگی، پولیس انسپکٹر جاں بحق

کراچی سے تقریباً 55 کلومیٹر دور گدو اور دھابیجی اسٹیشن کے درمیان آگ بھڑک اٹھی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی سے پشاور جانے والی رحمٰن بابا ایکسپریس میں آتشزدگی کے نتیجے میں پولیس انسپکٹر جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی رحمٰن بابا ایکسپریس کے انجن میں کراچی سے تقریباً 55 کلومیٹر کے فاصلے پر گدو اور دھابیجی اسٹیشن کے درمیان آگ بھڑک اٹھی۔ آگ پر قابو پانے کے دوران انجن پر موجود ریلوے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

موٹر سائیکل ٹرانسفر فیس ختم ہونے کے بعد رجسٹریشن ونگ میں شہریوں کا رش

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ کی جانب سے موٹر سائیکلوں کی ٹرانسفر فیس ختم کرنے کے فیصلے کے بعد شہر میں شہریوں نے اپنی گاڑیاں اپنے نام منتقل کروانے کے لیے سوک سینٹر میں قائم موٹر رجسٹریشن ونگ کا رخ کرلیا ہے۔

ملک میں 3 کروڑ بچے تعلیم سے محروم ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

خلیج میں امن کیلئے حکومتی سفارتکاری قابل تحسین ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا خطاب

ملک میں بدترین لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور تعلیمی و سماجی مسائل عوام کیلئے سنگین چیلنج بن چکے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ خلیج میں قیام امن کے لیے حکومتی سفارت کاری قابل تحسین ہے تاہم ان کوششوں میں قومی مفادات کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے جبکہ ملک میں بدترین لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور تعلیمی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

سندھ ہائیکورٹ کا شہری کو متوفی کوٹہ پر 15 روز میں ملازمت دینے کا حکم

کراچی (کورٹ رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے محکمہ تعلیم میں متوفی کوٹہ پر ملازمت دینے کے خلاف درخواست پر محکمہ تعلیم کو درخواست گزار عمیر کو 15 روز میں ملازمت دینے کا حکم دے دیا۔ درخواست

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44



کراچی، سندھ پولیس باکسنگ اکیڈمی کی افتتاحی تقریب سے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو خطاب کر رہے ہیں



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)



قائد کے شہر سے

امن سفارت کاری میں پاکستان کا ابھرتا کردار

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ آنے والے دو دن حیران کن ہوں گے، جنگ ختم ہونے کے قریب ہے، واشنگٹن تہران کے ساتھ بہترین معاہدہ کر سکتا ہے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ ایران کے ساتھ کوئی چھوٹی ڈیل نہیں بلکہ بہت بڑا اور جامع معاہدہ کرنا چاہتے ہیں، ایران اپنا جوہری پروگرام ترک کر دے تو امریکا اس کی ترقی اور خوشحالی میں مدد کر سکتا ہے۔ دوسری جانب ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ہم جنگ نہیں چاہتے مگر ہتھیار بھی نہیں ڈالیں گے۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیویٹ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات دوبارہ ہوئے تو اسلام آباد میں ہی ہوں گے کیوں کہ پاکستان اس معاملے میں واحد ثالث ہے۔ ان خیالات کا اظہار وائٹ ہاؤس کی پریس سیکریٹری کیرولین لیویٹ نے پرہجوم میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ دوسری جانب وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جاری سفارتی کوششوں پر بھی گفتگو ہوئی جب کہ خطے میں امن کے قیام کے حوالے سے اقدامات زیر بحث آئے۔ پاکستان کے سپہ سالار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر وزیر داخلہ محسن نقوی کے ہمراہ ایران کے اعلیٰ سطح کے دورے پر تہران پہنچے اور اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پاکستان کی جانب سے مذاکرات کی میزبانی اور ثالثی کی کوششوں پر شکریہ ادا کیا۔ مشرق وسطیٰ کی تازہ کشیدگی نے عالمی سیاست کو ایک بار پھر اس نہج پر لا کھڑا کیا ہے جہاں طاقت، مفاد اور سفارت کاری ایک پیچیدہ مثلث کی صورت اختیار کر چکے ہیں۔ ایسے میں اگر کوئی ریاست محض ردعمل کے بجائے فعال اور متوازن کردار کے ساتھ سامنے آئے تو یہ اس کی خارجہ بصیرت اور داخلی استحکام دونوں کا مظہر سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان اس وقت اسی مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں اس کی سفارتی کاوشیں نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک نمایاں حوالہ بنتی جا رہی ہیں۔ حالیہ پیش رفت وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات، فیلڈ مارشل عاصم منیر کا ایران کا دورہ اور واشنگٹن کی جانب سے اسلام آباد کو مذاکراتی مرکز کے طور پر تسلیم کرنا، ایک ایسی سفارتی ہم آہنگی کا پتا دیتے ہیں جسے محض اتفاق قرار نہیں دیا جا سکتا۔ خطے میں جاری کشیدگی کے پس منظر میں جب ایران اور امریکا کے درمیان تنا اپنی انتہاں کو چھو رہا تھا، تو اس وقت یہ خدشہ غالب تھا کہ صورتحال ایک وسیع تر جنگ میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ آبنائے ہرمز کی بندش کی دھمکیاں، بحیرہ احمر اور خلیج عمان میں جہاز رانی کے خطرات اور مختلف علاقائی قوتوں کے بیانات نے عالمی معیشت کو بھی لرزا کر رکھ دیا تھا۔

سفارتی کامیابی سے معاشی استحکام تک کا سفر



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

اسلام آباد میں ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ مذاکرات اگرچہ کسی حتمی نتیجے پر منتج نہیں ہوئے، مگر انہیں ناکامی قرار دینا حقیقت سے دور ہوگا۔ عالمی سیاست میں اکثر ابتدائی مذاکرات اعتماد سازی اور آئندہ پیش رفت کی بنیاد رکھنے کیلئے ہوتے ہیں، اور یہی پہلو ان مذاکرات کو اہم بناتا ہے۔ دونوں ممالک کا ایک میز پر بیٹھنا اور پاکستان کی میزبانی کو قبول کرنا ایک بڑی سفارتی پیش رفت ہے، جس نے نہ صرف خطے میں کشیدگی کم کرنے کی امید پیدا کی بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت کردار کو بھی اجاگر کیا۔ فریقین کی جانب سے پاکستان کے کردار کی تعریف اس بات کا ثبوت ہے کہ اسے ایک غیر جانبدار اور قابل اعتماد ثالث کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے، جو مستقبل میں مزید اہم مذاکرات کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔

یہ سفارتی پیش رفت پاکستان کیلئے محض سیاسی کامیابی نہیں بلکہ معاشی مواقع کا دروازہ بھی کھولتی ہے۔ مشرق وسطیٰ کے ممالک کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنا کر پاکستان دفاع، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں نمایاں فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ خاص طور پر فوڈ سکیورٹی، زراعت اور افرادی قوت کی برآمد جیسے شعبوں میں وسیع امکانات موجود ہیں۔ سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک میں پاکستانی ہنرمندوں کیلئے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، جبکہ دفاعی تعاون بھی مزید وسعت اختیار کر سکتا ہے۔ اس موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے ضروری ہے کہ حکومت مربوط حکمت عملی اپنائے تاکہ سفارتی کامیابی کو معاشی ترقی میں تبدیل کیا جا سکے۔

پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع اسے عالمی تجارت کیلئے ایک اہم مرکز بنا سکتا ہے، بشرطیکہ داخلی استحکام اور پالیسیوں میں بہتری لائی جائے۔ بحیرہ عرب تک رسائی، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے درمیان پل کی حیثیت، پاکستان کو ایک اسٹریٹجک برتری فراہم کرتی ہے۔ اس صلاحیت کو حقیقت میں بدلنے کیلئے ٹیکس اصلاحات، کاروباری آسانیوں اور برآمدی صنعت کی مسابقت بڑھانے پر توجہ دینا ناگزیر ہے۔ ٹیکسٹائل، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تحقیق و ترقی کو فروغ دے کر پاکستان عالمی منڈی میں اپنی جگہ مستحکم کر سکتا ہے، جبکہ پیداواری لاگت کم کر کے سرمایہ کاروں کو راغب کیا جا سکتا ہے۔

دوسری جانب، چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل کا حل بھی فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ سکیورٹی، مالیاتی نظام اور منافع کی منتقلی جیسے معاملات کو حل کر کے غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ چینی اور پاکستانی کمپنیوں کے درمیان مشترکہ منصوبے نہ صرف کاروباری تعلقات کو مضبوط کریں گے بلکہ عوامی روابط میں بھی اضافہ کریں گے۔ موجودہ عالمی حالات میں دفاعی تعاون کو مزید بڑھانا بھی ضروری ہے، کیونکہ پاکستان اس شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکا ہے۔ اگر پاکستان اپنی سفارتی کامیابیوں کو دانشمندی سے معاشی پالیسیوں سے جوڑ دے تو وہ نہ صرف خطے میں امن کا ضامن بن سکتا ہے بلکہ ایک مضبوط اور مستحکم معیشت کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے۔

کراچی کا کاروباری بحران

کیا شہر قائد کو جان بوجھ کر مفلوج کیا جا رہا ہے؟



تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

کراچی، جو کبھی پاکستان کی معاشی شہ رگ کہلاتا تھا، آج ایک سنگین بحران کی لپیٹ میں ہے جہاں کاروباری سرگرمیاں دم توڑتی نظر آ رہی ہیں۔ حالیہ حکومتی فیصلوں کے تحت کاروبار رات 9 بجے بند کرنے اور شادی ہالز و ریسٹورنٹس کو رات 11 بجے تک محدود کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جس کی وجہ ایندھن کی بچت بتائی جا رہی ہے۔ مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا واقعی یہ اقدامات معیشت کو سہارا دے رہے ہیں یا مزید تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں؟ تاجر برادری پہلے ہی مہنگائی، ٹیکسوں اور غیر یقینی حالات سے پریشان تھی، اب ان پابندیوں نے ان کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔

دوسری جانب صورتحال مزید افسوسناک اس وقت ہو جاتی ہے جب ان پابندیوں کے باوجود لوڈشیڈنگ میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ شہری اور تاجر دونوں حیران ہیں کہ جب کاروبار پہلے ہی محدود کر دیے گئے ہیں تو پھر بجلی کی بچت کہاں جا رہی ہے؟ بازاروں میں اندھیرا، گھروں میں بے چینی اور صنعتوں میں ٹھپ پڑتی مشینیں اس بات کی گواہی دے رہی ہیں کہ توانائی کا بحران قابو سے باہر ہوتا جا رہا ہے۔ تاجر کہتے ہیں کہ اگر یہی حالات رہے تو چھوٹے کاروبار مکمل طور پر ختم ہو جائیں گے اور بے روزگاری میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگا۔

کراچی کے مسائل صرف بجلی تک محدود نہیں رہے، بلکہ سڑکوں کی خستہ حالی اور پانی کی شدید قلت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ شہر کی بیشتر سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جس سے نہ صرف ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوتا ہے بلکہ کاروباری ترسیل بھی متاثر ہوتی ہے۔ پانی جیسی بنیادی ضرورت کے لیے عوام کو در بدر ہونا پڑ رہا ہے، جبکہ حکام کی جانب سے ٹھوس اقدامات کا فقدان صاف نظر آتا ہے۔ یہ تمام مسائل مل کر ایک ایسے طوفان کی شکل اختیار کر چکے ہیں جو کراچی کی معیشت کو نگلنے کے درپے ہے۔

ان تمام حالات کو دیکھتے ہوئے یہ سوال شدت سے ابھرتا ہے کہ کیا واقعی کراچی کو نظرانداز کیا جا رہا ہے یا اس کے پیچھے کوئی منظم سازش کارفرما ہے؟ ایک ایسا شہر جو پورے ملک کی معیشت کو سہارا دیتا ہے، اگر اسی طرح مشکلات کا شکار رہا تو اس کے اثرات پورے پاکستان پر پڑیں گے۔ وقت آ گیا ہے کہ حکمران سنجیدگی سے اس صورتحال کا نوٹس لیں، ورنہ وہ دن دور نہیں جب کراچی کا کاروباری پہیہ مکمل طور پر جام ہو جائے گا، اور اس کا نقصان ناقابل تلافی ہوگا۔

جنگ کے سائے گہرے: خلیج میں بڑھتی کشیدگی اور عالمی خطرات



تحریر: ڈاکٹر ایم آئی درانی
سینئر تجزیہ کار

ایران اور امریکہ کے درمیان جاری کشیدگی ایک خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، جہاں سفارتکاری کے دروازے تقریباً بند ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایران کی جانب سے مذاکرات سے انکار اور دوسری طرف امریکہ کی مسلسل دباؤ کی حکمت عملی نے خطے کو بے یقینی کی کیفیت میں دھکیل دیا ہے۔ ایسے میں پاکستان کے آرمی چیف کی ممکنہ سفارتی کوششوں کو اہمیت دی جا رہی ہے، مگر سوال یہی ہے کہ کیا یہ کوششیں کسی بڑی پیش رفت کا سبب بن سکیں گی؟ زمینی حقائق بتاتے ہیں کہ اعتماد کا فقدان اس حد تک بڑھ چکا ہے کہ مذاکرات کی بحالی ایک مشکل ترین مرحلہ بن چکی ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات بھی صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں۔ ایک طرف وہ جنگ کے خاتمے کی بات کرتے ہیں، تو دوسری جانب ایران کو طویل عرصے تک کمزور رکھنے کی حکمت عملی کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ تضاد اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ واشنگٹن کے اندر بھی پالیسی واضح نہیں۔ ادھر خلیج فارس میں امریکی فوجی موجودگی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، طیارہ بردار جہاز اور ہزاروں فوجیوں کی تعیناتی اس بات کا اشارہ ہے کہ حالات کسی بھی وقت بگڑ سکتے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر امن مقصود ہے تو پھر جنگی تیاریوں میں اضافہ کیوں کیا جا رہا ہے؟

آبنائے ہرمز، جو دنیا کی سب سے اہم تیل گزرگاہ ہے، اس تنازعے کا مرکزی نقطہ بن چکی ہے۔ ایران اس اہم راستے پر اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھتے ہوئے بعض ممالک کو سہولت دے رہا ہے، جبکہ امریکہ اس پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوششوں میں مصروف دکھائی دیتا ہے۔ اس صورتحال پر چین کا سخت ردعمل سامنے آنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ تنازع اب دو ممالک تک محدود نہیں رہا بلکہ ایک بڑے عالمی مقابلے کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ چین کی پشت پناہی نے ایران کے اعتماد میں اضافہ کیا ہے، جس کے باعث وہ نہ صرف دفاع بلکہ جارحانہ موقف بھی اختیار کر رہا ہے۔

خطے کے دیگر ممالک بھی اس کشیدگی سے شدید تشویش میں مبتلا ہیں اور اپنی بندرگاہوں اور معیشت کے تحفظ کے لیے متبادل راستے تلاش کر رہے ہیں۔ ایران کی جانب سے خلیجی بندرگاہوں کو ممکنہ ہدف بنانے کے بیانات نے خطرے کی شدت کو مزید بڑھا دیا ہے۔ ایسے میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ یہ جنگ صرف ایران اور امریکہ کے درمیان نہیں رہی بلکہ پورے خطے کے استحکام اور عالمی معیشت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ اگر فوری طور پر سفارتی راستہ نہ نکالا گیا تو یہ تنازع کسی وسیع تر جنگ کی شکل اختیار کر سکتا ہے، جس کے اثرات پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔

تعلیمی، فلاحی آئندہ کے منصوبہ جات سے متعلق جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کا اجلاس

طبی و تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لئے جماعتوں کے ڈیٹا فارم مکمل کر کے ممبرشپ کارڈ اسکیم کو تیز کیا جائے، قاضی مصطفیٰ

ضلع شرقی میں امتحانی مراکز کا دورہ، انتظامات تسلی بخش قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع شرقی امتیاز احمد قریشی نے ضلع شرقی میں قائم مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر...

حکومت کی پالیسیوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، صوفی ارشد کاظمی

عالمی منڈی میں پیٹرول سستا مگر عوام بدستور مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، یہ نااہلی نہیں بلکہ کھلی ناانصافی ہے

بیگم بلقیس ایدھی کے انتقال پر محب کونسل وائن ایف ایچ آر پی کا افسوس





امریکی امن اور دھمکی دونوں باتیں کرتے ہیں، حاجی حنیف طیب



مہنگائی میں کمی کے لیے پیٹرولیم مصنوعات پر ٹیکس کم کیے جائیں، شمسہ مہ جبین

حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی۔ جاوید حسین انصاری

کراچی سمیت سندھ بھر میں جرائم کی خطرناک لہر ہے، امن رابطہ کونسل کا سخت ردعمل

عوام پانی بجلی گیس جیسی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ جلال خان

اسامہ علی کا آن لائن مالی فراڈ کے واقعے پر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

موجودہ حکومت نے عوام کو مسائل کے سوا کچھ نہیں دیا، فضل وہاب

آسان ترجمۃ القرآن کی تقریب رونمائی و علما کنونشن کا انعقاد



پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق مدنی کا ایک تقریب میں کرکٹ کے مایہ ناز کھلاڑی محسن خان کے ساتھ گروپ فوٹو

پیٹرول کی قیمت میں کمی پر ریلیف نہ دینا ظلم کے مترادف ہے، سعید احمد بیگ

متحدہ علماء محاذ کی یکجہتی فلسطین و ایران کانفرنس 19 اپریل اتوار کو ہوگی

زندگی کی اصل کامیابی اللہ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ مفتی اکرام اللہ واحدی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتحاد المدارس الاسلامیہ کے ناظم امتحانات مفتی اکرام اللہ واحدی نے طلبہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انسان کی زندگی کو آسان اور با مقصد بنانے کا اصل نسخہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ ایمان، تقویٰ، توکل اور یقین وہ بنیادیں ہیں جن پر ایک کامیاب مسلمان کی زندگی قائم ہوتی ہے...

نیو اسٹینڈرڈ سیکنڈری اسکول کی جانب سے سالانہ تقریب کا شاندار انعقاد

طلبہ و طالبات نے ٹیبلو، ملی نغمے اور مختلف خوبصورت پروگرام پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو اسٹینڈرڈ سیکنڈری اسکول کی جانب سے سالانہ تقریب کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے ٹیبلو، ملی نغمے اور مختلف خوبصورت پروگرام پیش کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی۔ تقریب میں معروف کامیڈین عمر شریف نے بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ شاندار پرفارمنس... کرنے والے بچوں کو فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ آنے پر شیلڈز اور انعامات سے نوازا گیا۔ اس موقع پر طلبہ کی محنت اور کارکردگی کو خوب سراہا گیا۔ والدین کی بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کی اور بچوں کی کارکردگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ والدین کا کہنا تھا کہ اسکول نہ صرف معیاری تعلیم فراہم کر رہا ہے بلکہ بچوں کی ہم...

مزدور، کاشتکار، ایوب فیکٹری ورکرز اور کم اجرت پر کام کرنے والے ملازمین شدید پریشانی میں مبتلا ہو گئے، نعیم اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محبان پاکستان فاؤنڈیشن کے جنرل سیکریٹری نعیم اقبال نے کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے بعد مہنگائی کا طوفان شدت اختیار کر گیا۔ مہنگائی غریب اور دیہاڑی دار طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، پیٹرول مہنگا ہوتے ہی ٹرانسپورٹ کے کرائے اشیاء...

بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ اور بڑھتی قیمتوں سے عوام پریشان ہیں۔ سید رفیق شاہ





بقیہ نمبر 01 اطلاعات

کی۔تقریب کی صدارت الاصلاح لائرز ونگ کراچی ڈویژن کے صدر آفتاب حسین میمو ایڈووکیٹ نے کی، جبکہ انتظامات کی نگرانی جنرل سیکریٹری عادل عباسی ایڈووکیٹ اور پریس سیکریٹری ذیشان اکبر چیمہ ایڈووکیٹ نے سنبھالے۔اس موقع پر مقررین نے حضرت سائیں کی دینی و روحانی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی تعلیمات امن، محبت اور انسانیت کی فلاح پر مبنی ہیں۔تقریب کے دوران حضرت سائیں کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور شرکا میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔تقریب میں عبدالغفار طاہری ایڈووکیٹ، آفتاب احمد طاہری اور دیگر ممتاز وکلا بھی موجود تھے۔اختتام پر ملک کی سلامتی، امن و امان اور حضرت سائیں کی درازی عمر کے لیے خصوصی دعا مانگی گئی۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

آپریشن کا معائنہ کیا گیا۔چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے کلین اینڈ گرین کورنگی مہم کے تحت یوسی 2 میں سڑکوں، گلیوں، بازاروں، گرین بیلٹس اور فٹ پاتھوں کی صفائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے اور ہر علاقے میں یکساں طور پر کام جاری رکھا جائے۔یوسی 2 کے دورے کے دوران چیئرمین نے ہیوی مشینری کے ذریعے کچرے کی منتقلی، ملبہ اٹھانے اور نالوں کی صفائی کے عمل کا معائنہ کیا۔انہوں نے عملے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ مہم کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے اس موقع پر کہا کہ کلین اینڈ گرین کورنگی مہم کا مقصد صرف صفائی نہیں بلکہ پورے ٹاؤن کو خوبصورت، سرسبز اور مثالی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر یونین کونسل میں مرحلہ وار صفائی، شجرکاری، فٹ پاتھوں کی مرمت اور رنگ و روغن کے کام جاری رہیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود روزانہ مختلف علاقوں کا دورہ کررہے ہیں تاکہ عوامی مسائل کو موقع پر حل کیا جاسکے اور صفائی مہم کی رفتار کو مزید تیز کیا جاسکے۔یوسی 2 میں موجود بلدیاتی نمائندوں اور افسران نے چیئرمین کو جاری کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی، جبکہ علاقہ مکینوں نے بھی صفائی مہم پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کے اقدامات کو سراہا۔مہم کے چوتھے روز بلدیاتی عملے نے مختلف علاقوں میں جھاڑو، کچرے کی منتقلی، نالوں کی صفائی اور گرین بیلٹس کی صفائی کے کام جاری رکھے، جبکہ پارکس اور خالی مقامات پر شجرکاری کے اقدامات بھی کیے گئے تاکہ شہریوں کو ایک بہترین اور صحت مند ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

ہیں۔یہاں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، پانی کی شدید قلت، ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، گندگی، سیوریج کے مسائل، صفائی کا ناقص نظام اور ہسپتال / ڈسپنسری نہ ہونے کی وجہ سے عوام شدید اذیت میں ہے۔خاص طور پر بیمار بزرگ، خواتین، حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں کو معمولی علاج کے لیے بھی دور دراز ہسپتال جانا پڑتا ہے۔ایمرجنسی کی صورت میں ایمبولینس اور فوری طبی سہولت نہ ہونے سے مریضوں کی جانیں خطرے میں پڑ جاتی ہیں۔یہ صورتحال ایک قدیم اور گنجان آباد علاقے کے لیے انتہائی افسوسناک ہے۔علاقہ معززین صدیق جاموٹ غلام جاموٹ مقیم جاموٹ محمد خان جاموٹ اور دیگر علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ غلام اجمیر شریف کے عوام کے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے۔فوری طور پر ایک معیاری ہسپتال / ڈسپنسری قائم کی جائے۔بجلی اور پانی کے دیرینہ مسائل مستقل بنیادوں پر حل کیے جائیں۔سڑکوں، سیوریج اور صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے۔عوام کو ان کا بنیادی حق دیا جائے۔اجمیر شریف کے عوام بھی کراچی اور پاکستان کے شہری ہیں۔صدیوں سے آباد اس علاقے کو مزید نظر انداز کرنا ناانصافی ہے

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

کی ایک مرکزی گزرگاہ ہونے کے باعث روزانہ ہزاروں شہری اس سے مستفید ہوتے ہیں۔سڑک کے نام کی تبدیلی کا مقصد صرف ایک عظیم فنکار کی خدمات کا اعتراف کرنا ہے بلکہ شہر کراچی کی ثقافتی اور فنی تاریخ کو بھی اجاگر کرنا ہے۔چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے اس موقع پر کہا کہ استاد رفیع الزماں صابری مرحوم نے برصغیر کی موسیقی، بالخصوص قوالی کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دیں اور عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔ان کے نام سے اس اہم شاہراہ کی منسوبی دراصل ان کی فنی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے مترادف ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر ٹاؤن شو مارکیٹ میں ماما روڈ کا نام تبدیل کرکے استاد رفیع الزماں صابری روڈ رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر استاد رفیع الزماں صابری مرحوم کے فرزند شفیق الزماں، اہل خانہ، شہدا فاؤنڈیشن کے صدر سید شاہد حسین زیدی ایڈووکیٹ، ایم اے گوڈیل، محمد علی زمان اشرفی، ٹاؤن ایڈمن کونسل، یوسی چیئرمین، وائس چیئرمین، مختلف جماعتوں کے افسران اور علاقہ معززین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔چیئرمین صدر ٹاؤن نے مزید کہا کہ صدر ٹاؤن انتظامیہ شہر کی تاریخ، ثقافت اور عظیم شخصیات کو اجاگر کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے تاکہ نئی نسل کو اپنے قومی ہیروز اور فنکاروں کے کارناموں سے آگاہی حاصل ہو۔اس طرح کے اقدامات نہ صرف شناخت کو مضبوط بناتے ہیں بلکہ معاشرے میں مثبت سوچ کو بھی فروغ دیتے ہیں۔چیئرمین نے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی ہے کہ شہریوں کی رہنمائی کے لیے تمام ضروری اقدامات مکمل کیے جائیں۔اس کے علاوہ نقشہ جات اور سرکاری ریکارڈ میں بھی اس تبدیلی کو جلد از جلد اپڈیٹ کیا جائے گا۔استاد رفیع الزماں صابری اور انکے اہل خانہ اور مقامی عوام نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے ایک خوش آئند قدم قرار دیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی اسی طرح کے اقدامات کے ذریعے شہری

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

ٹی ایم سی سکھوں پیر جناب حاجی نواز علی بروہی، وائس چیئرمین رانا محمد عارف، ٹاؤن میونسپل کمشنر آغا عتیق خان کونسل ممبر کوثر اقبال، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن حافظ محمد شعیب، ڈائریکٹر کلیکشن لیاقت یوسف، ڈپٹی ڈائریکٹر لینڈ منور صوبہ اور سکھوں پیر ٹاؤن کے ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس ساتھ میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر پاک فوج کی حمایت میں نعرے بازی کرکے فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔اس موقع پر پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے کہا کہ ہم پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے دنیا کو بتادیا ہے کہ پاکستان فوج بہت مضبوط ہے، اور وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہے بعد ازاں نماز جمعہ ادا کی گئی اور جامع مسجد فاروق اعظم رمضان گوٹھ میں وطن عزیز پاکستان اور افواج پاکستان کے لیے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

ہے۔بیوہ خاتون کا کہنا تھا کہ وہ غریب، لاچار اور اکیلی ہیں، ان کے شوہر کا انتقال ہوچکا ہے اور ان کا کوئی سہارا نہیں ہے۔خاتون نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی سکھر، ایس ایس پی خیرپور اور ڈی ایس پی میرواہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر مذکورہ لیکار کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

اسی ماہ میں پچھلی بار موٹر سائیکل سوار کو ہیوی ٹریفک سے کچلنے کے واقعے، چار ماہ میں 489 افراد کو کچلنے، 980 کو زخمی کرنے کے واقعات کو ریڈ کورٹس اور کراچی لاوارث (ایک ایک لاکھ کی گاڑیوں کی نمبر پلیٹ اور بھتہ مہم (کو سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر داخلہ سندھ جتنے زور و شور سے ای چالان کیمراز کا افتتاح کرتے ہیں۔جرائم نہ ہونے کی کہانی بیان کرتے ہیں لیکن شاہ فیصل برج پر کچے کے ڈاکو کچے کے ڈاکو بن کر جدید اسلحے کے ساتھ کئی گھنٹے لوٹ مار کرتے ہیں۔لیکن آج تک گرفتار نہیں ہوئے۔میٹرک امتحانات کھیل بن گئے کوٹھیوں میں گھر بیٹھ کر پرچے کرائے جارہے ہیں۔مخصوص افراد بورڈ پر قابض ہیں۔کراچی کی صورتحال فیلڈ مارشل کی توجہ کی متقاضی ہے آباد اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے جب شکایت اعلیٰ سطح پر کی تو وزیر داخلہ کو لینڈ گریبرز یاد آگئے۔جبکہ قبضہ مافیا کی اصل جڑ حکومت سندھ خود ہے۔حکمران پی کراچی کو اپنی دشمنی میں حق دو کراچی کو گالی سمجھ لیا۔رشتین کے ایم سی کی بھی گئیں میئر نے بچانے کی کوشش نہیں کی کیونکہ قبضہ مافیا کے ہاتھوں کی تھی۔کراچی کرچی کرچی ہے۔فکر کراچی نشست بھی سوچ کو جہاں کراچی کے حوالے سے مطالبات ہوئے اگر میئر اور حکومت سندھ کراچی کے دکھوں کا ازالہ کرتی تو یہ نشست بے معنی ہوجاتی لیکن انتقامی سوچ کراچی کو دن بدن احساس دلا رہی ہے کہ وہ لاوارث شہر ہے۔ہم گڈ گورننس کے لئے سندھ حکومت کی توجہ مبذول کرارہے ہیں ورنہ لاوا پک رہا ہے۔کرچی کرچی شہر کو توجہ نہ دی گئی تو فکر کراچی نشست تحریک بن جائے گی۔ہم محبت کے سفیر ہیں امن اور نفرت کے خاتمے کے لئے کوشاں ہیں۔اس لئے فوری کچے اور پکے کے ڈاکوؤں اور سہولت کاروں کو زرائع دھمکانے اور لوٹنے کے واقعات پر سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

تعلقات بھی خالص دوستی پر مبنی نہیں تھے، بلکہ یہ ایک حساب کتاب اور مفادات کا کھیل تھا۔اس نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اربوں ڈالر جمع کیے، اور جب بھی اسلام آباد کو قرض میں نرمی کی ضرورت ہوتی، ابوظہبی کی رضا مندی ضروری ہوتی۔حال ہی میں، امارات نے پاکستان کو 3.5 ارب ڈالر کی رقم واپس مانگ لی، جو صرف ایک مالی معاملہ نہیں بلکہ ایک پیغام بھی ہے کہ خطے میں اس کی حکمت عملی بدل چکی ہے۔کراچی میں 2008 سے 2015 کے دوران ہونے والی دہشت گردی اور بدامنی کو بھی بعض تحقیقات میں دبئی کے مالی روابط سے جوڑا گیا ہے، تاکہ کراچی کی بندرگاہ اور اقتصادی ترقی کو روکا جاسکے۔اسی طرح، بلوچستان کے گوادر کو بھی دبایا اور مالی مدد سے کمزور کرنے کی کوششیں کی گئیں تاکہ چین کی ترقیاتی منصوبوں کو ناکام بنایا جاسکے۔دوسری طرف، 2020 میں امارات کا اسرائیل سے تعلقات قائم کرنا ایک اہم مرحلہ تھا، جسے مغربی اثرورسوخ اور امریکی حمایت کے تناظر میں دیکھا گیا۔مگر 2028 میں ایران کے آپریشن "ایک قوی" سے خطے میں امن اور استحکام کا تاثر ٹوٹ گیا، اور دبئی کی اثرورسوخ کو دھچکا لگا۔اس کے بعد، سعودی عرب اور قطر نے پاکستان کو معاشی اور سیاسی مدد فراہم کی، تاکہ خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھا جاسکے۔پاکستان نے 2013 میں رینجرز کے آپریشن کے ذریعے کراچی کی صورتحال بہتر بنائی، اور اب پاکستان تین اہم بندرگاہوں کی ترقی کے مرحلے میں ہے: کراچی، گوادر اور پورٹ قاسم۔یہ وہ علاقے ہیں جنہیں امارات نے دبانے کی کوشش کی تھی، مگر اب ان کا دوبارہ ترقی کی راہ پر آنا شروع ہوچکا ہے۔پاکستان کے پاس اب بھی بہت سے امکانات اور وسائل ہیں۔اس کے پاس 25 کروڑ آبادی، دنیا کی چھٹی بڑی فوج، ایک ایٹمی طاقت، اور چین کی سرمایہ کاری ہے۔جغرافیہ اور آبادی کے یہ حقائق ہمیشہ سے اس کی سب سے بڑی طاقت رہے ہیں، جن کا استعمال سیاسی اور اقتصادی استحکام کے لیے کیا جاسکتا ہے۔آج وقت ہے کہ پاکستان اپنی صحیح حکمت عملی اپنائے، اور خطے میں اپنے مفادات کو تحفظ دے۔جغرافیہ ہمیشہ جیتتا ہے، اور پاکستان کا مستقبل روشن امکانات سے بھرپور ہے، اگر وہ اپنی اصل طاقتوں کو سمجھ کر ان کا بھرپور استعمال کرے۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

تشکر منانے کا فیصلہ کیا جس کا مقصد اس بڑی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا اور اسے ایک تاریخی فتح کے طور پر منانا ہے ڈپٹی کمشنر کیماڑی کی ہدایت پر ڈی سی آفس ضلع کیماڑی آفس سے ایک شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر سائٹ نداحسن کی سربراہی میں ریلی نکالی گئی جس میں اسسٹنٹ کمشنر و مختیار کارز کے علاوہ آفس اسٹاف موروں و میر بحر ٹاؤن کے ملازمین نے شرکت کی جس میں پاک فوج کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایئر چیف مارشل آف پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا ٹاؤن چیئرمین موروں و میر بحر علی اکبر ملاح میونسپل کمشنر الہی بخش سیال کی ہدایت پر ٹاؤن ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر پاک فوج کی حمایت میں نعرے بازی کرکے فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے دنیا کو بتادیا ہے کہ پاکستان کی فوج بہت مضبوط ہے، اور وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہے وطن عزیز پاکستان اور افواج پاکستان کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 10 اطلاعات

(اچ آر ایم) ہمایوں عمران خان کی سربراہی میں یوم تشکر اور اظہار یکجہتی ریلی کا انعقاد نہایت جوش و خروش کے ساتھ کیا گیا، جس میں ٹاؤن افسران، گڈاپ ٹاؤن کے ملازمین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ریلی کے شرکا نے قومی پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے، جبکہ ملک کی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے اپنے پیغام میں کہا کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور موثر سفارتکاری کے باعث پاکستان کا مثبت کردار عالمی سطح پر نمایاں ہوا ہے۔پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر عالمی کا اہم کردار ادا کرتے ہوئے خطے میں امن کے قیام میں اہم پیش رفت کی۔پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے ہمیشہ قومی مفاد، جمہوریت کے استحکام اور عوامی خدمت کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی آئی ہے۔مشکل حالات میں بھی پارٹی قیادت نے ملک و قوم کے ساتھ کھڑے رہنے کی روایت کو برقرار رکھا ہے اور قومی یکجہتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔میونسپل کمشنر ملک تجمل ایاز نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوم تشکر منانے کا مقصد قومی یکجہتی کو فروغ دینا اور اپنی قیادت اور افواج کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرنا ہے۔ایسے اجتماعات قوم میں اتحاد، ہم آہنگی اور حب

بقیہ نمبر 11 اطلاعات

گیا جس میں چین اور ہانگ کانگ کا حصہ 928 ملین ڈالر رہا۔انہوں نے مزید بتایا کہ مارچ 2026 میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں 185 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جو کہ 187 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، جو پاکستانی معیشت پر غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔میاں زاہد حسین کا کہنا تھا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت 2022 تک چینی سرمایہ کاری 62 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے، اور اب اس کے دوسرے مرحلے میں توجہ انفراسٹرکچر سے ہٹ کر صنعتی ترقی اور ٹیکنالوجی کے فروغ پر مرکوز ہے۔اس سلسلے میں خصوصی اقتصادی زونز کی تعداد 7 سے بڑھا کر 44 کردی گئی ہے، جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور صنعتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔بلوچستان کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے میاں زاہد حسین نے کہا کہ یہ صوبہ معدنی وسائل اور صنعتی ترقی کے حوالے سے مستقبل کا اہم مرکز بن سکتا ہے۔انہوں نے بلوچستان بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کے قیام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے پاکستان اور چین کے کاروباری روابط مزید مستحکم ہوں گے۔تقریب میں چین کے قونصل جنرل یانگ یونڈونگ اور گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سمیت دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی اور دونوں ممالک کے درمیان مضبوط اقتصادی تعلقات پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 12 اطلاعات

پاکستان چوک، مینٹرول پول، پی آئی ڈی سی سلطان آباد ٹریفک چوکی، جھٹا ور ٹریفک سیکشن میاں گل شہدا نے ٹریفک پولیس گارڈن، پولیس اسٹیشن صدر بزدور گورا قبرستان، فیروز آباد ٹریفک پولیس چوکی اب میڈی کیم پولیس باکسنگ اکیڈمی تعمیر کروائی ہے۔جس کا افتتاح چیئرمین میڈی کیم خلیل احمد نینی تال والا ہمراہ انسپکٹر جنرل آف پولیس کراچی جاوید عالم اوڈھو اور ڈائریکٹر ایڈمن میڈی کیم ظفر ریاض پاری کے ساتھ کیا۔اس پروقار تقریب میں محترمہ شہلا رضا (سابق ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی و معروف سیاسی و سماجی شخصیت) بھی شریک ہوئیں، واضح رہے کہ سندھ پولیس پاکستان اکیڈمی کی تعمیر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے تقریباً چار ماہ کے قلیل عرصہ میں مکمل کی گئی، جو پولیس گراؤنڈ، ہیڈکوارٹر گارڈن میں قائم کی گئی ہے۔یہ اکیڈمی سندھ پولیس کے باکسرز کو جدید اور معیاری تربیتی سہولیات فراہم کرے گی، جبکہ اسے مستقبل میں ایک اعلیٰ معیاری قومی سطح کی اکیڈمی کے طور پر فروغ دیا جائے گا، جہاں صوبائی و قومی سطح کے مقابلہ جات کے انعقاد کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔اس موقع پر چیئرمین سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ، ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس جناب پیر محمد شاہ نے باکسنگ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ ملتا ہے اور اس سے پولیس فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔تقریب کے اختتام پر مہمانان گرامی نے اس اقدام کو سندھ پولیس میں کھیلوں کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے اس کاوش کو سراہا۔اس موقع خلیل احمد نینی تال والا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد ملک میں بڑھتے ہوئے ٹریفک کے مسائل کو حل کرنا اور حکومت کے ساتھ مل کر پولیس چوکیاں اور اکیڈمی تعمیر کروا رہے ہیں اور انشاءاللہ آئندہ بھی تعاون جاری رہے گا۔اس موقع پر انسپکٹر جنرل آف پولیس کراچی جاوید عالم اوڈھو نے خلیل احمد نینی تال والا اور ان کی فیملی اور ادارے میڈی کیم گروپ کا شکریہ ادا کیا اور ہم ان سے آئندہ بھی تعاون حاصل کرتے رہیں گے اور امید ظاہر کی کہ میڈی کیم گروپ آئندہ بھی ایسے کاموں کیلئے ہمارے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن میڈی کیم ظفر ریاض پاری، جاوید اختر کیانی، سید شعیب، محمد عامر اور ٹریفک پولیس، پولیس اہلکاروں کے علاوہ عوام کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ نمبر 13 اطلاعات

سکے۔شہریوں نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور بلدیاتی نمائندوں سے مطالبہ کیا ہے کہ صفائی ستھرائی کے نظام کو بھی اسی طرح مستقل بنیادوں پر بہتر بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 14 اطلاعات

اونس کی سطح پر آگئی۔عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 3300 روپے کی کمی آئی، جس کے بعد فی تولہ قیمت 5 لاکھ 35 ہزار 562 روپے کی سطح پر آگئی۔اسی طرح ملک میں فی 10 گرام سونے کی قیمت 2829 روپے کی کمی کے ساتھ 4 لاکھ 30 ہزار 8 روپے ہوگئی۔علاوہ ازیں مقامی سطح پر فی تولہ چاندی کی قیمت 70 روپے کی کمی سے 8 ہزار 444 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 60 روپے کی کمی سے 7 ہزار 239 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ نمبر 15 اطلاعات

جنرل طارق حسین کے مشکور ہیں جنہوں نے سندھ کے صدر سرائی نیاز حسین خاصخیلی کو وفاقی منسٹر اور میر کو آرڈینیٹر بیگن سندھ مقرر کیا۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ صرف صوبہ سندھ کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے بلکہ پاکستان مسلم لیگ کے کارکنان کے لیے بھی باعث فخر اور حوصلہ افزائی ہے۔انہوں نے قیادت کے اعتماد اور محبت کو سراہتے ہوئے کہا کہ کارکنان اس فیصلے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔کنور ارشد خان نے سرائی نیاز حسین خاصخیلی کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس عہدے پر بہترین کارکردگی دکھانے کی توفیق عطا فرمائے۔انہوں نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کے درمیان پیار، محبت، اخلاص اور اتحاد کو قائم رکھے اور پاکستان مسلم لیگ کی ترقی اور استحکام کے لیے ہماری جدوجہد کو مزید مضبوط بنائے۔انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پارٹی کارکنان اسی جذبے کے ساتھ اپنی سیاسی و قومی خدمات

بقیہ نمبر 16 اطلاعات

جاری رکھیں گے۔

دی جائے گی، جس کا مطلب ہے کہ نقل کرنے والا طالب علم ہمیشہ کے لیے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔انتظامیہ کے حوالے سے وزرا نے خبردار کیا ہے کہ اگر کوئی انوجیلیٹر، انٹرنل، ایکسٹرنل یا کوئی بھی انتظامی افسر نقل میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری محکمہ جاتی کارروائی ہوگی اور جرم ثابت ہونے پر اسے نوکری سے فارغ کردیا جائے گا۔سردار شاہ اور اسماعیل راہو نے کہا کہ امتحانی مراکز پر نگرانی کا نظام مزید سخت کیا جا رہا ہے اور کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کی صورت میں موقع پر سخت ایکشن لیا جائے گا تاکہ امتحانات کی شفافیت کو برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ نمبر 17 اطلاعات

میں کے ڈی اے کے کنٹرول میں جتنے کھیل کے میدان ویران پڑے ہیں انکا جلد سروے کرکے ان میدانوں کو کھیلنے کے قابل بنایا جائے اور جس ملک میں میدان آباد ہوں گے تو وہاں کے ہسپتال ویران ہوں گے نوید انور صدیقی نے کے ڈی اے کے کھلاڑیوں کو اپنے خطاب میں یہ بھی بتایا کہ میری کے ڈی اے سی بی اے یونین کے سرپرست عمران حسین جعفری سے کے ڈی اے ایس اسپورٹس کی وابستگی بات ہوئی اور انکا بھی کہنا تھا کہ زیڈ اے انکاری صاحب کا شہر کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ شعبہ اسپورٹس میں بھی ذاتی دلچسپی کا فرما تھی اور ادارے کے کرکٹ ہاکی اور شوٹنگ بال کی ٹیموں نے کے ڈی اے کا نام روشن کرنے میں اہم کردار ادا کیا کلب کے سیکری لویداور صدیقی کا مزید کہنا تھا کہ تقریب کے ای اے آفیسرز کلب میں ایک یادگار کرکٹ ٹورنامنٹ مہران کیلئے منعقد کیا جائے گا آخر میں نوید انور صدیقی نے پاکستان اسپورٹس رائٹرز فیڈریشن اور ایشین اسپورٹس کے سیکریٹری جنرل احمد عزیز ملک سوئٹزر لینڈ میں منعقدہ اسپورٹس پریس کی عالمی تنظیم (ایسوی ایشن انٹرنیشنل پریس آف اسپورٹس) کی جانب سے ایگزیکٹو کمیٹی کا تاحیات اعزازی رکن منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور احمد عزیز ملک کا شمار پاکستان کے چند اسپورٹس صحافیوں میں ہوتا ہے جنہیں حکومت پاکستان نے سب سے بڑے سول ایوارڈ تمغہ امتیاز سے بھی نوازا ہے اور تقریب کے ڈی اے آفیسرز کلب کے اعزاز میں ایک یادگار تقریب منعقد کرے گی بعد ازاں بلدیہ وینٹرز نے ایک سنسنی خیز مقابلے کے بعد کے ڈی اے وینٹرز کو تین وکٹوں سے شکست دے کر میچ اپنے نام کیا

بقیہ نمبر 18 اطلاعات

احمد جنرل سیکریٹری عثمان شریف اور سلیم ملک نے تجاوزات کے نام پر ضلع جنوبی میں ہونے والے آپریشن کو تاجر اور معیشت دشمن آپریشن قرار دیتے ہوئے اسے فوراً بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ آپریشن کے نتیجے میں دکانوں کو سیل کیا جارہا ہے اور گرفتار روز ایک تاجر کو اسسٹنٹ کمشنر ہاشم جھنگوار نے گرفتار کرکے اپنی دفتر میں بند کرکے تشدد کا نشانہ بنایا اور اسے الیکٹرک کے شاک دیے جو سراسر ظلم غیر قانونی اور ناقابل برداشت ہے۔انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ ہاشم جھنگوار کے دفتر میں ہونے والے تشدد اور غیر قانونی واقعے کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔تاجر رہنماؤں نے کہا کہ تجاوزات ہٹنے کی اصل ذمہ دار انتظامیہ پولیس اور کے ایم سی کے اہلکار ہیں یہ اہلکار بھاری رقم لے کر پتھارے لگواتے ہیں اور جب آپریشن ہوتا ہے تو وہ اپنے لگوائے ہوئے پتھاروں کو پیشگی اطلاع دے کر ہٹوا دیتے ہیں مگر ایف آئی آر کروڑوں روپے کی دکانوں کے مالک کے خلاف کاٹی جارہی ہیں اور دوکانیں سیل کی جارہی ہیں۔تاجر رہنماؤں نے کہا کہ 70 فیصد ریونیو دینے والا شہر کا تاجر تمام سہولیات سے محروم ہے بجلی کی لوڈ شیڈنگ ٹوٹی ہوئی سڑکیں، سہولتوں کا فقدان ہونے کے باوجود تاجر اپنا کاروبار جاری رکھے ہوئے ہیں ایسی صورتحال میں اس قسم کے آپریشن کرنا اور تاجروں کو ہراساں کرنا ناقابل برداشت ہے۔اسمال ٹریڈرز کے رہنماؤں نے کہا کہ اگر تاجر دشمن آپریشن بند نہ ہوا اور دکانوں کو ڈی سیل کرنے اور لاکھوں روپے بغیر رسید کے جرمانوں کی وصولی بند نہ ہوئی تو پیر کے روز سے تاجر احتجاجی تحریک کا آغاز کریں گے۔

بقیہ نمبر 19 اطلاعات

جی سکھر، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ڈی آئی جی حیدرآباد سے مطالبہ کیا کہ درج مقدمات ختم کرکے انصاف فراہم کیا جائے، دوسری جانب الزامات کے جواب میں وکیل الٰہی بخش جتوئی نے مؤقف اختیار کیا کہ ان کے بیٹوں پر قاتلانہ حملہ کیا گیا تھا، جس کا مقدمہ اے سیکشن تھانے میں درج کرایا گیا، انہوں نے مزید کہا کہ سکھر میں بھی ان پر مخالف عباسی برادری کے افراد نے حملہ کیا، جس پر انہوں نے اے سیکشن سکھر تھانے میں کیس درج کروایا، وکیل کے مطابق مذکورہ کیس میں نامزد ملزمان غلام رسول اور فہد عباسی کو سکھر پولیس نے واردات کے دوران گرفتار کیا ہے، جس کے بعد ان پر بے بنیاد الزامات عائد کیے جارہے ہیں

بقیہ نمبر 20 اطلاعات

ایک طرف 10 سے 12 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے اور دوسری جانب بجلی کے بلوں میں ظالمانہ اضافہ کیا جارہا ہے۔یہ طرز عمل سراسر استحصالی اور عوام دشمن پالیسیوں کا عکاس ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں سب سے مہنگی بجلی پیدا کی جاتی ہے اس کے باوجود یہاں کے شہریوں کو نہ صرف بدترین لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے بلکہ انہیں ملک بھر میں سب سے زیادہ بل بھی ادا کرنے پڑ رہے ہیں۔یہ کھلا تضاد اور ناانصافی ہے جس پر متعلقہ اداروں اور حکمرانوں کی خاموشی سوالیہ نشان ہے۔کیا کراچی کے عوام کو صرف بل ادا کرنے کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے جبکہ سہولیات کے نام پر انہیں کچھ بھی فراہم نہیں کیا جارہا ہے۔مرکزی سیکریٹری جنرل پاکستان سنی تحریک نے کہا کہ کے الیکٹرک کی کارکردگی مسلسل سوالات کی زد میں ہے مگر اس کے باوجود اس کے خلاف کوئی موثر کارروائی نظر نہیں آتی۔انہوں نے کہا کہ ادارے کی نااہلی اور ناقص منصوبہ بندی کا بوجھ براہ راست عوام پر ڈالا جارہا ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔حکومت کی جانب سے اس سنگین صورتحال پر خاموشی مجرمانہ غفلت کے مترادف ہے۔اگر فوری طور پر لوڈشیڈنگ کا خاتمہ، بجلی کی منصفانہ فراہمی اور بلوں میں واضح کمی نہ کی گئی تو پاکستان سنی تحریک سخت عوامی ردعمل اور بھرپور احتجاجی تحریک چلانے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد

بقیہ نمبر 21 اطلاعات

کرام کی امن و امان کے قیام اور مسائل کے بروقت حل کے لیے بہترین اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 22 اطلاعات

ہوا، جس میں صدر بزم شعر و سخن طارق جمیل بھولا والا اور معتمد عمومی اقبال آر آسی سمیت دیگر اراکان نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں 2 مئی کو بزم شعر و سخن کے آٹھویں سالانہ مشاعرے کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بزم شعر و سخن کا آٹھواں سالانہ مشاعرہ 2 مئی 2026 بروز ہفتہ ایم ایم جوئیہ آڈیٹوریم لیاقت میموریل لائبریری بالمقابل لیاقت نیشنل ہسپتال میں منعقد کیا جائے گا۔بزم شعر و سخن کے مشاعرے شہر کراچی کی ادبی تقریبات میں نمایاں مقام رکھتے ہیں جس میں سالانہ مشاعرہ خصوصی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔مشاعرے میں شہر کے اہل سخن حضرات ایک بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 23 اطلاعات

تاجر ساجد کاکا کی بہن کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔کشمیر یوتھ فورم کراچی کے تمام ممبران آپ کے اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور دعا کرتے ہیں اللہ پاک ساجد کاکا کی بہن کی کامل مغفرت فرمائے ان کے درجات کو بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔

بقیہ نمبر 24 اطلاعات

سطح پر پارٹی عہدیداران کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔اسی سلسلے میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کا اہم اجلاس فنکشنل لیگ ہاؤس کلفٹن میں منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی کے صوبائی سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے کی۔اجلاس میں کراچی کے ساتوں اضلاع کے صدور، جنرل سیکریٹریز، مختلف ونگز کے ذمہ داران اور سینئر رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی۔تفصیلی مشاورت اور باہمی اتفاق رائے کے بعد معروف قانون دان ایڈووکیٹ انور عظیم کو پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کا صدر منتخب کر لیا گیا۔جبکہ دیگر عہدیداران اور کمیٹی اراکین کے ناموں کا اعلان مشورے کے ساتھ جلد کیا جائے گا۔اس موقع پر سردار عبدالرحیم نے ایڈووکیٹ انور عظیم کو صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ وہ کراچی میں پارٹی کو مزید منظم، فعال اور مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنان عوام سے قریبی رابطہ رکھیں اور پیر صاحب پگارا کا پیغام گھر گھر پہنچا کر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو فنکشنل لیگ میں شمولیت کی دعوت دیں۔سردار عبدالرحیم نے کراچی میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج شہر میں کوئی بھی شہری اسٹریٹ کرائم سے محفوظ نہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک منظم سازش کے تحت نوجوانوں کو منشیات، آئس نشہ آور چھالیہ اور گٹکے جیسی لعنتوں میں مبتلا کیا جارہا ہے، جو کھلے عام فروخت ہو رہی ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، ترقیاتی کاموں کو تیز کیا جائے، اور صحت و تعلیم کے شعبوں کو بہتر بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی کو مزید مستحکم اور فعال بنانے کے لیے سندھ کے دیگر ڈویژنز میں بھی جلد عہدیداران کا انتخاب مکمل کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 25 اطلاعات

عظ ہرمز کے ذریعے گزار سکیں گے۔ایرانی وزیر خارجہ نے اپنی ٹوئٹ میں مزید کہا کہ یہ راستہ پہلے ہی ایران کی پورٹس اینڈ میری ٹائم آرگنائزیشن کی جانب سے جاری کیے جاچکے ہیں۔خیال رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کا اختتام 22 اپریل کو ہوگا۔اب دیکھنا ہے کہ اس تاریخ کے بعد ایران دوبارہ آبنائے ہرمز بند کردیتا ہے یا اس سے قبل کوئی حتمی معاہدہ طے پاجاتا ہے۔ابھی یہ واضح نہیں کہ ایران نے یہ انتہائی اہم قدم کن شرائط کی بنیاد پر اٹھایا ہے اور اس کے لیے کیا معاملات طے پائے ہیں۔یاد رہے کہ امریکا اور اسرائیل نے 28 فروری کو ایران پر فضائی حملہ کیا تھا جس میں آیت اللہ خامنہ ای عسکری قیادت سمیت شہید ہوگئے تھے۔ان حملوں کے جواب میں ایران نے آبنائے ہرمز بند کردی تھی جو دنیا کو تیل و گیس کی ترسیل کی ایک اہم آبی گزرگاہ ہے۔آبنائے ہرمز کی بندش سے دنیا میں تیل و گیس کی قلت پیدا ہوئی اور قیمتیں آسمانوں سے باتیں کرنے لگیں جس کے اثرات مہنگائی اور معیشت کی تباہی کی صورت میں سامنے آئے۔ایسے میں پاکستان نے ثالثی کا کردار ادا کیا اور فریقین دونوں کی جنگ بندی پر متفق ہوگئے جس میں امریکا نے مزید حملے نہ کرنے اور ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا وعدہ کیا تھا۔جس کے بعد پاکستان کی میزبانی میں اسلام آباد میں امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات بھی ہوئے تھے۔اس وقت بھی فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران کے دورے پر ہیں۔وزیراعظم شہباز شریف بھی سعودی عرب اور دیگر خلیجی ممالک کے دورے پر ہیں اور ان سفارتی کاری کی کوششیں بارآور ثابت ہو رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 26 اطلاعات

نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے فری یونٹس کی سہولت کے خاتمے سے متعلق لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔وزیر توانائی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس ختم کیے گئے ہیں۔بزنس نیوز ویب سائٹ اویس لغاری نے کہا کہ معزز عدالت نے پاور ڈویژن کی عرضی کو قبول فرمایا۔فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس مطالبے کو پورا کرنے کا اعزاز انہیں عطا فرمایا ہے

بقیہ نمبر 27 اطلاعات

تیل کی خریداری اور اس کی ادائیگی کے طریقہ کار میں ایک اہم تبدیلی کرتے ہوئے امریکی ڈالر کے بجائے ادائیگیاں اب چینی کرنسی یوآن میں کی جا رہی ہیں۔عالمی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق بھارتی آئل ریفائنرز نے امریکی پابندیوں کے تحت دی گئی عارضی رعایت کے دوران ایرانی تیل خریدا۔رائٹرز نے اپنی رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی تیل کے لیے بھارتی آئل ریفائنریز نے ادائیگیاں چینی بینک میں قائم BankICICI کے ذریعے چینی یوآن میں شروع کردی ہے۔رائٹرز نے چار باخبر ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ امریکا نے گزشتہ ماہ روسی اور ایرانی تیل کی خریداری کے لیے 30 روزہ عارضی رعایت دی تھی جس کا مقصد جنگی صورتحال کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو قابو میں رکھنا تھا۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران پر طویل عرصے سے عائد امریکی پابندیوں کے باعث ادائیگی کے نظام میں مشکلات کے باعث کئی خریدار ممالک ایرانی تیل سے گریز کرتے رہے ہیں۔تاہم اس نئی ادائیگی اسکیم کے ذریعے ان رکاوٹوں کو جزوی طور پر کم کیا جارہا ہے۔ذرائع کے مطابق رواں ماہ کے آغاز میں بھارت کی سرکاری کمپنی انڈین آئل کارپوریشن نے تقریباً 20 کروڑ ڈالر مالیت سے قریب 20 لاکھ بیرل ایرانی خام تیل خریدا جو گزشتہ 7 سال بعد بھارت کی جانب سے ایرانی تیل کی پہلی باضابطہ خریداری قرار دی جارہی ہے۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ بھارتی نجی ریفائنری ریلائنس ریفائنری کے لیے ایرانی تیل لے جانے والے چار جہازوں کو بھی بندرگاہ پر لنگر انداز ہونے کی اجازت دی گئی۔رائٹرز کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دونوں ریفائنریز کی جانب سے ادائیگیوں کے لیے ICICI بینک استعمال کیا جارہا ہے جو اپنی شنگھائی برانچ کے ذریعے چینی یوآن میں رقوم ایرانی فروخت کنندگان کے اکاؤنٹس میں منتقل کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 28 اطلاعات

کے سرغنہ عامر کمیل عرف مولوی حیدر نے اعتراف کیا کہ فتنہ الخوارج میں پاکستان کے خلاف گمراہ کن پروپیگنڈے کی وجہ سے شامل ہوا۔خارجی عامر کمیل اپنے حوالے سے بتایا کہ افغان صوبہ پکتیکا میں فتنہ الخوارج کے مرکز میں دہشت گردی کی تربیت حاصل کی، افغانستان میں فتنہ الخوارج کے مراکز کو افغان طالبان کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔فتنہ الخوارج کے اہم سرغنہ نے بتایا کہ افغانستان میں موجود داعش، القاعدہ جیسی دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ بھی ہمارے قریبی روابط تھے جبکہ ہمیں افغانستان اور دیگر غیر ملکی ایجنسیوں بشمول "را" کی جانب سے مالی معاونت فراہم کی جاتی تھی۔خارجی عامر کمیل نے بتایا کہ میری تشکیل میں 20 سے زائد خارجی دہشت گردوں میں افغان شہری بھی شامل تھے۔افغان، مروت اور میانوالی میں سکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث رہا، فتنہ الخوارج کے اہم سرغنہ نے مزید بتایا کہ مجھے پشاور میں علاج کی غرض سے آتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے گرفتار کیا۔فتنہ الخوارج کا اسلام اور جہاد سے کوئی تعلق نہیں، یہ صرف پیسے کے لیے پاکستان میں دہشت گردی کرتے ہیں۔عالمی ماہرین کے مطابق خارجی دہشتگرد کے انکشافات سے واضح ہے کہ طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان دہشتگردوں کی آماجگاہ ہے۔پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے کے لیے افغانیوں اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں خارجی دہشت گرد کا طالبان رجیم اور بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی کا اعتراف پاکستان کے دیرینہ مؤقف کی توثیق ہے۔

بقیہ نمبر 29 اطلاعات

نے ایک اور پوسٹ میں واضح کیا کہ امریکا لبنان کے ساتھ علیحدہ طور پر کام کرے گا اور حزب اللہ کے معاملے کو مناسب طریقے سے ہینڈل کیا جائے گا۔ساتھ ہی انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسرائیل کو لبنان پر مزید حملوں سے روک دیا گیا ہے۔صدر ٹرمپ نے اپنی ایک تازہ پوسٹ میں نیٹو پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آبنائے ہرمز کا معاملہ ختم ہونے کے بعد نیٹو کے ایک عہدیدار نے مجھے کال کی اور مدد کی پیشکش کی۔امریکی صدر نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ میں نے نیٹو کی اس پیشکش کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس اگر صرف تیل لے جانے کے لیے آنا چاہتے ہیں تو آ جائیں، ورنہ دور رہیں۔صدر ٹرمپ نے اپنی اس پوسٹ میں نیٹو کو کاغذی شیر بھی قرار دیا جبکہ وہ ایران جنگ کی ابتدا سے نیٹو کی جانب سے تعاون اور مدد نہ کرنے پر کہتے آئے ہیں۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی مدد اور بہادری کو سراہا۔تاہم یہ نہیں بتایا کہ اس مدد سے کیا مراد لیا ہے۔صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک اور پوسٹ میں دعویٰ کیا کہ ایران اپنی سمندر میں بچھائی گئی بارودی سرنگیں امریکا کی مدد سے ہٹا رہا ہے جس سے بحری راستے محفوظ ہو رہے ہیں۔ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک پوسٹ میں یہ بھی انکشاف کیا کہ ایران نے یہ بات مان لی ہے کہ آبنائے ہرمز دوبارہ کبھی بند نہیں کی جائے گی اور اسے دنیا کے خلاف بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جائے گا۔امریکا بھی اس بات کو یقینی بنائے گا کہ یہ آبی گزرگاہ ہمیشہ کھلی رہے۔اپنے بیانات کے اختتام پر ٹرمپ نے آج کے دن کو دنیا کے لیے عظیم اور شاندار دن قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پیش رفت عالمی امن اور استحکام کے لیے اہم ہے

بقیہ نمبر 30 اطلاعات

اعلان کیا تھا جس کے مطابق ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 134 روپے 81 پیسے کی کمی کی گئی تھی، اس کمی کے ساتھ ڈیزل کی قیمت 385 روپے 54 پیسے مقرر کی گئی تھی۔وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے پیٹرول کی قیمت میں بھی میں 11 روپے 83 پیسے کی کمی کردی تھی، جس کے نتیجے میں پیٹرول کی قیمت 386 روپے 58 پیسے فی لیٹر ہوگئی تھی۔

بقیہ نمبر 31 اطلاعات

سے معیشت اور مہنگائی پر مزید دباؤ پڑنے کا امکان ہے۔تیل کی قیمتوں میں 10 فیصد اضافہ معیشت کو نقصان اور مہنگائی میں اضافہ کرسکتا ہے۔آئی ایم ایف کے مطابق خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، جنگ طویل ہونے کی صورت میں تجارت اور ترسیلات زر متاثر ہوسکتی ہیں۔پاکستان کیلئے قرض لینا مزید مہنگا ہوگیا ہے، عالمی مالی حالات مزید خراب ہونے کی صورت میں پاکستان پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ زیادہ قرض اور بینکوں کی حکومتی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری سیاسی خطرات بڑھا سکتے ہیں، آبنائے ہرمز کی بندش اور جنگ کے باعث تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔خطے میں جنگ بندی قیمت پیش رفت ہے تاہم غیر یقینی صورتحال بدستور برقرار ہے۔

بقیہ نمبر 32 اطلاعات

جہاں اجتماعات کی حد ایک ہزار افراد تک مقرر کی گئی ہے اور یہ پابندی بھی ہفتے کی شام تک ختم کردی جائے گی۔یاد رہے کہ ایران کے ساتھ کشیدگی اور لبنان میں حزب اللہ کی جانب سے راکٹوں اور ڈرون حملوں کے خطرات کے باعث اسرائیل نے سخت پابندیاں نافذ کر رکھی تھیں۔ان اقدامات کے تحت اسکول بند، عوامی اجتماعات محدود اور متعدد شعبوں میں معمول کی سرگرمیاں معطل کردی گئی تھیں اگرچہ جنگ کے دوران بعض علاقوں میں مرحلہ وار نرمی کی گئی تاہم 28 فروری سے شروع ہونے والی موجودہ جنگ کے بعد سے پہلی بار مکمل سطح پر پابندیاں ختم کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 33 اطلاعات

سراج، بابل خان بھیو، ایم ڈی ماس ٹرانزٹ کنول نظام بھٹو، آئی جی پی اے، اروڑ، بیگم نصرت بھٹو یونیورسٹی کے وائس چانسلرز، کمشنر سکھر ڈویژن عابد سلیم قریشی، ڈپٹی کمشنر سکھر جاوید نبی کھوسو، ایس ایس پی سکھر اظہر مغل، ڈائریکٹر انفارمیشن سکھر غلام عباس گوراہو پروگرام میں شریک تھے۔پیپلز پارٹی رہنما معزز شہریوں کے ساتھ ساتھ مفت اسکوٹی حاصل کرنے والی خواتین اور ان کے والدین بھی بڑی تعداد میں موجود تھیں۔صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے مفت اسکوٹی تقسیم تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اہم دن ہے پاکستان پیپلز پارٹی اور سندھ حکومت صدر آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، اور فریال تالپور کی قیادت میں عوام کی خدمت کررہی ہے۔پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں، خواتین کے لئے کسی سیاسی پارٹی نے اہم ترین کام کئے ہیں تو اس کی ابتدا پاکستان پیپلز پارٹی نے کی۔انہوں نے کہا کہ قائد عوام شہید بھٹو خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے کام کیا۔امت مسلمہ کی پہلی خاتون وزیراعظم شہید بی بی نے پہلا کام خواتین کے لئے ویمن پولیس اسٹیشن قائم کئے۔شہید بی بی نے فرسٹ ویمن بینک قائم کیا، لیڈی ہیلتھ ورکرز کا پروگرام شروع کیا۔صدر آصف علی زرداری کا حکومت ملی تو انہوں نے دنیا کا تاریخی پروگرام بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شروع کیا۔آج آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک اس پروگرام کی تعریف کرتے

بقیہ نمبر 34 اطلاعات

ہیں۔پسماندہ سماج تھا، خواتین کا شناختی کارڈ نہیں بنوایا جاتا تھا۔صدر آصف علی زرداری نے پروگرام شروع کیا تو لوگوں نے بہنوں، بیٹیوں، ماں کے آئی ڈی کارڈ بنوانے شروع کئے۔چیئرمین بلاول بھٹو نے بھی جو کام کیا وہ دنیا کی تاریخ کا سب سے بڑا ہاؤسنگ منصوبہ ہے۔حکومت سندھ ہاؤسنگ منصوبے کے تحت 21 لاکھ خاندانوں کو مفت میں گھر بنا کر دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا کہ اس گھر کے مالکانہ حقوق خواتین کو ملیں گے۔خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے جو کام پیپلز پارٹی نے کیا ہے وہ کسی اور نے نہیں کیا۔

کے پی پی اے ایس پی پی اے کے عہدیداران اور دیگر شخصیات موجود تھیں اس موقع پر سید پیر محمد شاہ نے تمام کھلاڑیوں سے فرداً فرداً ملاقات کی ٹیم منیجر حاجی محمد اشرف یکی نے 10 روزہ کیمپ سے متعلق بریفنگ دی جبکہ ٹیم کوچ انٹرنیشنل نذر اقبال چوہدری اور فزیو تھراپسٹ نعیم احمد نے کیمپ کے کھلاڑیوں سے متعلق آگاہی دی سید پیر محمد شاہ نے کھلاڑیوں کو نصیحت کی کہ وہ کیمپ کے دوران اپنے کھیل پر بھرپور انداز میں آگاہی لیں اور اگر ان کو بڑا کھلاڑی بننا ہے تو اپنے استاد کا ہر حکم پابندی کے ساتھ مانیں انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ پولیس ہیڈکوارٹر گارڈن میں جون تک باسکٹ بال کورٹ کی تعمیر مکمل ہو جائیگی اور پھر پولیس کی باسکٹ بال ٹیم کا قیام بھی عمل میں آ جائے گا سید پیر محمد شاہ نے غلام عباس جمال چوہدری ایڈووکیٹ کی زیر صدارت کراچی باسکٹ بال ایسوسی ایشن کی زیر سرپرستی الفلاح میں خراج تحسین ادا کیا انہوں نے کراچی کے کھلاڑیوں کو ہدایت کی کہ وہ بہ سیریز میں چیمپئن بن کر سکھر سے کراچی واپس آئیں قبل ازیں ایس پی پی اے کے سیکریٹری عامر شریف نے برج یونٹ ٹرافی انڈر 18 سیریز سے متعلق آگاہی دی۔

بقیہ نمبر 35 اطلاعات

پاوردی اہلکار تھا جس نے حادثے کے بعد کشتہ ڈرائیور کو ہجان تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔متاثرہ رکشہ ڈرائیور نے بتایا کہ وہ سروس روڈ پر اپنی لائن میں سیدھا جارہا تھا کہ شاہین فورس کا اہلکار رانگ سائیڈ سے تیز رفتاری میں آیا اور رکشے کو ٹکر ماردی۔ڈرائیور نے الزام عائد کیا کہ پولیس اہلکار مبینہ طور پر نشے میں دھت تھا، جس نے حادثے کے بعد رکشے کے شیشے توڑ دیے اور ڈرائیور کو زبردستی گاڑی میں بٹھالیا۔سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں گاڑی کا بمپر ٹوٹ گیا ہے جو کار کی چھت پر رکھا ہوا ہے۔واقعے کے بعد پولیس اہلکار کے رویے اور قانون کی خلاف ورزی پر شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 36 اطلاعات

گئی ہے، جہاں میٹرک کے امتحانات کے دوران بجلی کی بندش سے طلبہ شدید حبس اور گرمی میں پرچے دینے پر مجبور ہیں، جس سے ان کی صحت اور کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔ایک طرف کراچی کے عوام لوڈشیڈنگ کے ہاتھوں نڈھال ہیں، تو دوسری طرف وفاقی وزیر توانائی اویس خان لغاری کا دعویٰ ہے کہ کراچی اور حیدرآباد میں بجلی بند نہیں کی جارہی۔وزیر توانائی کے مطابق مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے باعث گیس کی سپلائی متاثر ہوئی ہے، جس کی وجہ سے حکومت لوڈشیڈنگ کرنے پر مجبور ہے۔انہوں نے پیک آور میں بجلی کی بندش پر معذرت کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال اس کے سوا کوئی چارہ نہیں، ایندھن کی کمی کو پورا کرنے کے لیے فرنس آئل سے 1440 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے تاکہ بحران کی شدت کو کم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 37 اطلاعات

پہنچ چکی ہے۔ایڈمنسٹریٹر طارق تھوئی کے مطابق سائٹ سے بیوپاری محمد علی 'مازی' نسل کے 20 نہائی خوبصورت اور بھاری بھرکم اونٹ لیکر مویشی منڈی پہنچا ہے۔بیوپاری محمد علی کا کہنا ہے کہ وہ ہر سال شوق سے ناردرن بائی پاس مویشی منڈی کا رخ کرتا ہے اس بار بھی کراچی کے شہریوں کے لیے اعلیٰ نسل کے کالے اور بھورے رنگ والے مازی نسل کے اونٹ لایا ہے، جو کراچی سے آئے خریدار عبدالرؤف نے منڈی کے انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہاں خریداروں اور بیوپاریوں کے لیے بہترین ماحول فراہم کیا گیا ہے۔مویشی منڈی میں بیوپاریوں اور شہریوں کی پنج وقتہ نماز کی ادائیگی کے لیے عارضی مسجد بھی قائم، بیجان شہریوں اور بیوپاریوں نے نماز جمعہ ادا کی، انتظامیہ نے وضو کے لیے پانی کا خاص انتظام اور عارضی واش رومز بھی فعال کردیے ہیں، شہریوں کی تفریح کے لیے ایڈمنسٹریشن بلاک کے سامنے بچی فوڈ اسٹریٹ اور دو سو ایکڑ رقبے پر زمین ہموار کرکے وسیع پارکنگ ایریا کی تیاریاں اپنے آخری مراحل میں داخل ہوچکی ہیں، عوام دوست منڈی کے دوران بائی پاس آنے والے راستوں پر رینجرز اور پولیس اہلکار الرٹ ہیں مزید حفاظتی تعیناتی کی جارہی ہے قربانی کے جانوروں کی آمد اور خرید و فروخت کا سلسلہ عیدالاضحیٰ تک جاری رہے گا

بقیہ نمبر 38 اطلاعات

دوران شاہ فیصل کالونی میں ہنگامہ آرائی سے متعلق مقدمے کی سماعت جیل کمپلکس میں ہوئی۔مقدمے میں تحریک انصاف کے رہنما فہیم خان، راجہ اظہر اور دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے۔سماعت کے دوران مفرور ملزم رضوان کی گرفتاری کے بعد تمام ملزمان پر ضمنی فرد جرم عائد کی گئی۔عدالت نے ملزمان کو فرد جرم پڑھ کر سنائی، تاہم ملزمان نے الزامات سے انکار کردیا۔عدالت نے آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان کو طلب کرتے ہوئے مقدمے کی سماعت 11 مئی تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 39 اطلاعات

وسائل عوام کے لیے سنگین چیلنج بن چکے ہیں۔گوجرانوالہ میں ہونے والی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بجلی کی پیداواری صلاحیت 49 ہزار میگاواٹ ہونے کے باوجود طلب کے مقابلے میں عوام کو شدید لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے، جس کی بڑی وجہ آئی پی پیز کے ساتھ کیے گئے معاہدے ہیں جن کے تحت سالانہ تقریباً دو ہزار ارب روپے ادا کیے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں تین کروڑ بچے تعلیم سے محروم ہیں، لاکھوں نوجوان منشیات کا شکار ہیں، اس صورت حال میں نظام کی تبدیلی ناگزیر ہوچکی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سرکاری اسکولوں کی آؤٹ سورسنگ سے تعلیمی معیار متاثر ہو رہا ہے اور اساتذہ کو کم تنخواہوں پر رکھا جارہا ہے، صحت کے مراکز اور دیگر سرکاری اداروں کی نجکاری بھی تشویش کا باعث ہے۔مہنگائی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر شہری پیٹرول پر تقریباً 150 روپے فی لیٹر ٹیکس ادا کررہا ہے جبکہ حکومتیں بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام رہی ہیں۔تقریب میں الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے اور امیر جماعت اسلامی نے بنو قابل پروگرام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس کے ذریعے نوجوانوں کو آئی ٹی اور

بقیہ نمبر 40 اطلاعات

جدید مہارتوں کی تربیت دی جارہی ہے اور مستقبل میں مصنوعی ذہانت سمیت مزید مفت کورسز متعارف کرائے جائیں گے۔قبل ازیں سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں حافظ نعیم الرحمان نے حکومت سندھ اور پاکستان پیپلز پارٹی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ کراچی میں حق دو کراچی مہم کے بینرز پر پابندی اور دکانیں سیل کرنے کی دھمکیاں فسطائیت کے مترادف ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھاتے رہیں گے اور اگر انہیں دبانے کی کوشش کی گئی تو یہ جمہوری اقدار کے خلاف ہوگا۔کراچی ملک کی معیشت کا اہم مرکز ہے مگر شہریوں کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے۔امیر جماعت اسلامی نے واضح کیا کہ حق دو کراچی کسی ایک گروہ کا نہیں بلکہ شہر کے کروڑوں شہریوں کا مشترکہ مطالبہ ہے، جو اس وقت تک جاری رہے گا جب تک ان کے جائز حقوق فراہم نہیں کیے جاتے۔

ووکلاء کے لائسنس معطل کردیے ہیں۔سندھ بار کونسل کے مطابق بابر حسین ایڈووکیٹ اور اشتیاق احمد شر کے وکالت لائسنس معطل کیے گئے ہیں۔بار کونسل نے کہا کہ انکوائری کے دوران اسکول ایجوکیشن سکھر کے ڈائریکٹر نے دونوں وکلا کی سرکاری ملازمتوں کی تصدیق کی۔رپورٹ کے مطابق دونوں وکلا پرائمری ٹیچر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔سندھ بار کونسل نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے دونوں وکلا کو شوکاز نوٹس جاری کردیا ہے اور وضاحت طلب کرلی ہے۔بار کونسل حکام کے مطابق قواعد و ضوابط کے تحت سرکاری ملازمت کے ساتھ وکالت کی اجازت نہیں، اس لیے مزید کارروائی وضاحت موصول ہونے کے بعد کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 41 اطلاعات

سے متعلق توہین عدالت کی درخواست پر محکمہ ثقافت کے ریٹائرڈ ڈائریکٹر روشن علی کناسرہ کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا ہے۔جمعہ کو سندھ ہائی کورٹ میں محکمہ ثقافت و سیاحت کے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے سے متعلق توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔عدالت نے محکمہ ثقافت کے ریٹائرڈ ڈائریکٹر روشن علی کناسرہ کو فوری طور پر عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔سماعت کے دوران سیکریٹری خزانہ کی جانب سے قائم انکوائری کمیٹی کی رپورٹ عدالت میں پیش کی گئی، جس میں کہا گیا کہ روشن علی کناسرہ کئی برسوں سے ترقیاتی منصوبوں کا مستقل حصہ رہے ہیں، اس لیے ان کی موجودگی میں ریکارڈ میں ردوبدل کا خدشہ ہے۔رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا کہ دوران انکوائری درخواست گزار نے بعض ایسی دستاویزات پیش کیں جو خود محکمہ کے پاس موجود نہیں تھیں۔رپورٹ کے مطابق محکمہ ثقافت کی جانب سے ادائیگیوں سے متعلق مکمل ریکارڈ بھی کمیٹی کے سامنے پیش نہیں کیا گیا، جس پر انتظامیہ کو سفارش کی گئی کہ ریٹائرڈ ڈائریکٹر کو عہدے سے ہٹایا جائے اور تمام ریکارڈ محفوظ طریقے سے منتقل کیا جائے۔عدالت نے اپنے حکم نامے کی نقول چیف سیکریٹری سندھ اور وزیر اعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری کو ارسال کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔بعد ازاں عدالت نے کیس کی مزید سماعت 20 مئی تک ملتوی کردی۔واضح رہے کہ کنٹریکٹر کمپنی کی واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف 2019 میں سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ نمبر 42 اطلاعات

ایف ڈی) اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے درمیان طے پایا، جس کے تحت اسٹیٹ بینک میں رکھے گئے 3 ارب ڈالر کے سعودی ڈپازٹ کی مدت میں توسیع کی گئی ہے۔ڈپازٹ رول اوور کے معاہدے پر سعودی فنڈ برائے ترقی کی جانب سے چیف ایگزیکٹو سلطان بن عبدالرحمان المرشد اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے گورنر جمیل احمد نے دستخط کیے۔وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ معاہدہ پاک۔سعودی عرب مضبوط اقتصادی تعلقات کا عکاس ہے، معاہدے سے پاکستان کے بیرونی مالی استحکام کو مزید تقویت ملے گی واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان کو سعودی عرب سے دو ارب ڈالر ڈپازٹ موصول ہوگئے ہیں، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب سے دو ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہوگئے ہیں، ڈالر موصول ہونے سے ملکی زرمبادلہ ذخائر میں یک دم بڑی کمی کا خطرہ ٹل گیا ہے۔پاکستان کو رواں ماہ ہی متحدہ عرب امارات کو ساڑھے 3 ارب ڈالر ادائیگی کرنی ہے، یو اے ای نے اپنے ڈالر ڈپازٹس رول اوور کرنے سے انکار کردیا تھا، پاکستان نے رواں ماہ ہی یورو بانڈ کی مد میں بھی ایک ارب 20 کروڑ ڈالر ادا کیے تھے

بقیہ نمبر 43 اطلاعات

پولیس کراچی ڈویژن کے انسپکٹر مختیار مہر دھومیں سے شدید متاثر ہونے کے باعث ان کی حالت انتہائی غیر ہوگئی جس کے باعث وہ زندگی کی بازی ہار گئے۔رحمن بابا ایکسپریس کے انجن میں بھڑک اٹھنے والی آگ پر ریلوے کے عملے نے فوری طور پر پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انجن کو باقی ٹرین سے علیحدہ کردیا جبکہ مقامی افراد نے بھی بروقت ریلوے حکام کی مدد کو پہنچے۔تاہم آگ پر قابو پانے کے لیے کی گئی بروقت کارروائی کے نتیجے میں آگ کو پھیلنے سے روک دیا گیا جبکہ ٹرین تمام مسافر محفوظ رہے۔ریلوے حکام کی جانب سے واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کردی گئی ہیں جس کی رپورٹ آنے کے بعد ہی انجن میں آگ بھڑکنے کی وجوہات کا معلوم ہوسکے گا۔

بقیہ نمبر 44 اطلاعات

گزار کے وکیل ملک الطاف جاوید کے مطابق محکمہ تعلیم میں ورکشاپ اٹینڈنٹ ملازم کا انتقال 2020 میں ہوا تھا جس پر متوفی کے بیٹے نے فوتی کوٹے پر گریڈ 11 کے جونیئر کلرک کی نوکری کی درخواست دی تھی۔وکیل کے مطابق محکمہ جاتی کمیٹی نے 2024 میں درخواست گزار کی تقرری کی منظوری دی اور آفر لیٹر جاری کیا تاہم سپریم کورٹ کے کوٹے سے ملازمتوں سے متعلق فیصلے کی بنیاد پر تقرری منسوخ کردی گئی۔سرکاری وکیل نے عدالت میں موقف اپنایا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد کوئی تقرری ممکن نہیں۔عدالت نے کہا کہ والد کی وفات کے ساتھ ہی درخواست گزار کی ملازمت کا حق پیدا ہوگیا تھا، ایسے حق کو بعد میں ختم نہیں کیا جاسکتا۔وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق ماضی پر نہیں ہوگا۔عدالت کے مطابق درخواست گزار کو متوفی والد کی بنیاد پر ملازمت کا حق حاصل ہوچکا تھا، شہریوں کے پہلے سے حاصل شدہ حقوق برقرار رہتے ہیں۔متعلقہ حکام پندرہ روز میں تقرری کرکے عملدرآمد رپورٹ پیش کریں۔



میئر کراچی کی ہدایت: یوسی 5 قائدآباد میں ترقیاتی کاموں کا آغاز — تاجروں اور عوام میں خوشی کی لہر

میئر کراچی کی جانب سے "کراچی کی تعمیر" کے ویژن کے تحت ملیر یوسی 5 میں شروع کیے گئے پیور بلاکس کے کام میں مزید تیزی آ گئی ہے

چیئرمین افضل ذیب اور جنرل کونسلر رشید اعظم بدیشی نے گزشتہ روز قائدآباد مارکیٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور جاری کام کی کوالٹی کا تفصیلی معائنہ کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13



ڈھیر شریف ملیر کے عوام پینے کے پانی کے لئے ترس گئے

کراچی کے علاقے ملیر، ڈھیر شریف کی آبادی آزادی سے پہلے سے آباد ہے

سیوریج کے مسائل، صفائی کا ناقص نظام اور ہسپتال اور ڈسپنسری نہ ہونے کی وجہ سے عوام شدید اذیت میں ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر3

کنور ارشد خان کی نیاز حسین خان کھیتی کو بحیثیت وفاقی وزیر اوورسیز کوآرڈینیٹر تقرری پر مبارکباد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر15

الاصلاح لائرز ونگ کراچی کے زیرِ اہتمام حضرت تجن سائیں کی سالگرہ کی تقریب

تقریب میں الاصلاح لائرز ونگ کے صوبائی و ڈویژنل عہدیداران سمیت وکلا برادری نے بھرپور شرکت کی

اس موقع پر مقررین نے حضرت تجن سائیں کی دینی و روحانی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر1

سونا 3 دن وقفے کے بعد سستا ہو گیا، عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14

چیئرمین کورنگی ٹاؤن محمد نعیم شیخ نے مختلف یونین کمیٹیز کا دورہ

جاری صفائی مہم اور ہیوی مشینری کے ذریعے ہونے والے آپریشن کا معائنہ کیا گیا

انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ صفائی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر2

سندھ حکومت کا امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کیلئے بڑے فیصلوں کا اعلان

اگر کوئی انویجیلیٹر، انٹرنل، ایکسٹرنل یا کوئی بھی انتظامی افسر نقل میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری محکمہ جاتی کارروائی ہوگی، صوبائی وزراء

طلبہ کو جاری امتحانات اور مستقبل میں بورڈ کے کسی بھی امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ہمیشہ کے لیے نااہل قرار دیا جا سکتا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر16



فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان ملٹری ٹائیگر بن گیا — ایس ایم تنویر

کراچی میں کے ڈی اے کے کنٹرول میں جتنے کھیل کے میدان ویران پڑے ہیں انکا جلد سروے کرا کے ان میدانوں کو کھیلنے کے قابل بنایا جائے

جتنے کھیل کے میدان ویران پڑے ہیں ان میدانوں کو کھیلنے کے قابل بنایا جائے اور جس ملک میں میدان آباد ہونگے تو وہاں کے ہسپتال ویران ہونگے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر17

شو مارکیٹ میں واقع ماما روڈ کا نام استاد رفیع الزماں صابری روڈ رکھ دیا گیا

یہ سڑک شو مارکیٹ اور علاقے کی ایک مرکزی گزرگاہ ہونے کے باعث روزانہ ہزاروں شہری اس سے مستفید ہوتے ہیں

سڑک کے نام کی تبدیلی کا مقصد نہ صرف ایک عظیم فنکار کی خدمات کا اعتراف کرنا ہے، منصور احمد شیخ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر4

ہاشم بھنگوار کے دفتر میں تاجر کو الیکٹرک کرنٹ لگانے کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے — محمود حامد

دکانوں کو سیل کرنے اور بغیر رسید جرمانوں کا سلسلہ بند نہ ہوا تو بدھ سے احتجاجی تحریک چلائیں گے، صدر اسمال ٹریڈرز کراچی

ہاشم بھنگوار نے گرفتار کر کے اپنی دفتر میں بند کر کے تشدد کا نشانہ بنایا اور اسے الیکٹرک کے شاک دیئے جو سراسر ظلم غیر قانونی اور ناقابل برداشت ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر18

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کی جانب سے ایک شاندار ریلی کا انعقاد

یوم تشکر بھی منایا گیا جس سے ٹاؤن چیئرمین ٹی ایم سی منگھوپیر، حاجی نواز علی بروہی نے خطاب کیا

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر احمد اور پرائم منسٹر آف پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر5



ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر حاجی نواز علی بروہی کی جانب سے ایک شاندار ریلی نکالی جا رہی ہے

سیٹھار جا، بیوہ خاتون مسمات عدالت خاتون کا پولیس کی زیادتیوں کیخلاف احتجاج

اہلکار شاہد حسین رند انہیں اور ان کے بیٹے کو مسلسل ہراساں کر رہا ہے، روزانہ پیسوں کا مطالبہ کرتا ہے

وہ غریب، لاچار اور اکیلی ہیں، ان کے شوہر کا انتقال ہو چکا ہے اور ان کا کوئی سہارا نہیں ہے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر6



چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ شو مارکیٹ میں واقع ماما روڈ کو استاد رفیع الزماں صابری روڈ کا نام دینے کی تقریب میں ربن کاٹ رہے ہیں

دادو: جھوٹے مقدمات کیخلاف احتجاج، وکیل پر الزامات — فریقین کے متضاد دعوے

پیر بخش کالونی کے رہائشیوں نے مختلف اضلاع میں مبینہ جھوٹے مقدمات درج کیے جانے کے خلاف دادو پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

مخالف وکیل الٰہی بخش بہانی نے بچوں کے معاملے پر سکھر، دادو اور شکارپور میں ان کے 9 گھر کے افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرا رکھے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر19



بلاول ہاؤس میں ملاقات بلاول بھٹو کے پرسنل سیکرٹری جنید جتوئی اور SP سندھ پولیس فیصل نور کے ہمراہ فرید آفریدی بھی موجود

کراچی والوں سے مہنگی ترین بجلی کے نام پر ظلم بند کیا جائے — بلال سلیم قادری

کراچی میں سب سے مہنگی بجلی پیدا کی جاتی ہے کے الیکٹرک کی لوٹ مار، اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو عذاب میں مبتلا کر دیا، مرکزی سیکرٹری جنرل PST

12 گھنٹے لوڈشیڈنگ کے باوجود بھاری بل، یہ کھلا استحصال ہے، حکمرانوں کی خاموشی مجرمانہ غفلت ہے، فوری نوٹس نہ لیا گیا تو احتجاج ہوگا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر20

ڈی سی آفس ضلع کیماڑی آفس سے ایک شاندار ریلی کا انعقاد

اسسٹنٹ کمشنر بختیار کارز کے علاوہ آفس اسٹاف موڑہ میر بحر ٹاؤن کے ملازمین نے شرکت کی



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9

ڈسٹرکٹ سینٹرل: امن و امان کے قیام کیلئے پولیس اور تاجروں کا مشترکہ عزم

آل تاجران اتحاد کے کاشف صابرانی کی قیادت میں وفد کی ایس ایس پی سینٹرل سے اہم ملاقات، تاجر برادری و عوام کو درپیش مسائل سے SSP سینٹرل کو آگاہ کیا

پولیس تاجر برادری کے ساتھ مل کر امن و امان کے قیام اور مسائل کے بروقت حل کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی، ایس ایس پی سینٹرل ڈاکٹر عمران

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر21

اینکر آمنہ فاطمہ کے گھر اللہ والا ٹاؤن میں ڈکیتی کی واردات

لانڈھی میں مسلسل اسی ماہ میں چھٹی بار موٹر سائیکل سوار کو ہیوی ٹریفک سے کچلنے کے واقعہ



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر7

امارات کی بیس سالہ حکمت عملی اور پاکستان کے لیے بدلتے ہوئے حالات

دبئی کو ایک عالمی مالیاتی مرکز بنانے کے پیچھے چھپی حکمت عملی اثر و رسوخ کی کہانیاں اب بے نقاب ہونے لگی

امارات کے پاکستان کیساتھ تعلقات کبھی خالص دوستی پر مبنی نہیں تھے، بلکہ یہ ایک حساب کتاب اور مفادات کا کھیل تھا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر8

چیئرمین گڈاپ کی ہدایت پر یوم تشکر اور اظہار یکجہتی ریلی کا انعقاد

ٹاؤن افسران، گڈاپ ٹاؤن کے ملازمین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

شرکا نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10



ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی سائٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ اجلاس میں صفائی ستھرائی کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

کورنگی میں بدترین لوڈشیڈنگ، تحریک اہلسنت کا پرامن احتجاج کا اعلان

لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھتا جا رہا ہے شکایات کے باوجود صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آ رہی

بجلی کی طویل بندش سے عوامی زندگی مفلوج، کاروبار اور نظام زندگی بری طرح متاثر ہو رہا ہے

بزم شعر و سخن کی مجلس منتظمہ کا اجلاس 2 مئی کو منعقد ہوگا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر22

غیر ملکی سرمایہ کاری ملکی ترقی اور بلوچستان کی خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، میاں حسین

سی پیک کے دوسرے مرحلے سے صنعتی انقلاب اور روزگار کے نئے دروازے کھلیں گے

بلوچستان سرمایہ کاری کا نیا مرکز بن سکتا ہے، چین کا اعتماد درکار ہوگا۔ معروف بزنس مین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11

کشمیر یوتھ فورم کا ساجد کا کا سے ان کی بہن کے انتقال پر اظہار تعزیت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر23

فنکشنل لیگ کا ہر پارٹی عہدیداران کا انتخاب عمل میں لانے کا فیصلہ

امید ہے کہ وہ کراچی میں پارٹی کو مزید منظم، فعال اور مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے

پیر پگارا کا پیغام گھر گھر پہنچا کر لوگوں کو فنکشنل لیگ میں شمولیت کی دعوت دیں، سردار عبدالرحیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر24



کے ڈی اے کے ممبر فنانس نوید انور صدیقی کا کے ڈی اے اور بلدیہ ویٹرنز کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ جبکہ اس موقع پر وصال انصاری ایڈیشنل حسام الکبیر ریحان احمد اور نعیم صدیقی بھی موجود

میڈی کیم پولیس باکسنگ اکیڈمی کا افتتاح

بہادرآباد چورنگی اور دوسری کئی شاہراہوں کو میڈی کیم گروپ نے خوبصورت بنایا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12



وزارت خزانہ کے وزیر مملکت سے ملاقات مسٹر بلال اظہر کیانی، وزیر مملکت برائے خزانہ کراچی چیمبر کا دورہ کریں گے جہاں وہ قیادت، عہدیداران اور صنعتکاروں اور برآمدکنندگان کے ساتھ ایک اجلاس کریں گے۔ یہ اجلاس ہفتہ، 18 اپریل 2026 کو دوپہر 2:45 بجے منعقد